لسلہ کوئز بکس

# دنیا کی ۱۰۰

# شہور متفرق شخصیات

کی سو مشہور متفرق شخصیات مثلاً مشہور سیاح، موسیقار،
ور، ملکہ، تحریکوں کے رہنما و دیگر شخصیات کے بارے میں
ڈیڑھ ہزار سے زائد معلوماتی سوالات مع جوابات۔

مثلاً

وطہ۔ آغا خان چہارم۔ ادتھانٹ۔ کیپٹن اسکاٹ۔ لارڈ بیڈن پاول۔ بیتھوون۔ جوہن بلخ
لوائر۔ پبلو پکاسو۔ تان سین۔ جے آر ڈی ٹاٹا۔ ملکہ ثریا۔ ملکہ جوزیفائن۔ ڈیوڈ لونگ اسٹون
۔ رافیل۔ رولڈ امنڈسن۔ رابرٹ پیری۔ راکفیلر۔ فلورنس نائٹ انگیل۔ سگمنڈ فرائیڈ
نسس ڈریک۔ میگالان۔ کولمبس۔ جیمز کک۔ لیونارڈو ڈاونچی۔ مارکوپولو۔ مانی۔
ٹ۔ مائیکل اینجلو۔ مونالیزا۔ واسکوڈی گاما۔ ونسنٹ وان گو۔ ہیلن کیلر۔ سر ایڈمنڈ ہلاری
فورڈ و دیگر متفرق مشہور شخصیات۔


محمد ظفر اقبال

بی۔ کام، ایل ایل۔ بی

سلسلۂ کوئیز بکس

# دنیا کی ۱۰۰ مشہور متفرق شخصیات

یا کی نسو (۱۰۰) مشہور متفرق شخصیات مثلاً مشہور سیاح، موسیقار،
ر، ملکہ، تحریکوں کے رہنما و دیگر شخصیات کے بارے میں
ڈیڑھ ہزار سے زائد معلوماتی سوالات مع جوابات۔

مثلاً

بطوطہ۔ آغا خان چہارم۔ اوتھانٹ۔ کیپٹن اسکاٹ۔ لارڈ بیڈن پاول۔ بیتھوون۔ جوہن باخ
یکوائر۔ پبلو پکاسو۔ تان سین۔ جے آر ڈی ٹاٹا۔ ملکہ ثریا۔ ملکہ جوزیفائن۔ ڈیوڈ لونگ اسٹون
ں۔ رافیل۔ رولڈ امنڈسن۔ رابرٹ پیری۔ راکفیلر۔ فلورنس نائٹ انگیل۔ سگمنڈ فرائیڈ
نسس ڈریک۔ میگالان۔ کولمبس۔ جیمز کک۔ لیونارڈو ڈاونچی۔ مارکو پولو۔ مانی۔
ٹ۔ مائیکل اینجلو۔ مونالیزا۔ واسکوڈی گاما۔ ونسنٹ وان گو۔ ہیلن کیلر۔ سر ایڈمنڈ ہلاری
، فورڈ و دیگر متفرق مشہور شخصیات۔

محمد ظفر اقبال
بی۔ کام، ایل ایل۔ بی

شاہین پبلی کیشنز
بلاک ۱۷، (انچولی) فیڈرل بی ایریا کراچی ۳۸۱۹
قیمت:۔ دس روپے

# جُملہ حقوق محفوظ

اس کتاب کے جُملہ حقوقِ دائمی شاہین پبلی کیشنز، بلاک نمبر ۷، ۱۱۱ (انچولی) گلستانِ مصطفےٰ، فیڈرل بی ایریا، کراچی ۳۸ کے نام محفوظ ہیں۔ اگر کوئی شخص یا ادارہ اسے یا اس کے کسی حصّہ کو شائع کرے گا یا کوئی بھی ایسا طریقہ اختیار کریگا جس سے حقوق پبلشر پر زد آتی ہو تو اس کے خلاف کراچی میں قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے اور وہ تمام حرجہ وخرچہ کا ذمہ دار ہوگا۔


| | |
|---|---|
| نام کتاب | متفرق شخصیات |
| مرتب | محمد ظفر اقبال بی۔کام، ایل ایل بی |
| قیمت | دس روپے |
| پہلا ایڈیشن | ۱۹۸۵ء |


ادارہ شاہین پبلی کیشنز، کراچی کے متعلق تمام متنازعہ فیہ امور کی سماعت کا حق صرف کراچی کی عدالت کو ہوگا۔

(گداز پریس۔ کراچی)

نوٹ: شاہین پبلی کیشنز کراچی کی شائع کردہ کتابوں کی فہرست اس کتاب کے آخری صفحہ اور بیک ٹائیٹل پر ملاحظہ فرمائیے۔

# پیش لفظ

گذشتہ چند سالوں میں میری معلوماتی کتابوں کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے بے انتہا کامیابیوں سے نوازا اور وہ قارئین میں کافی مقبول ہوئیں۔ اب میں آپ کے سامنے "سلسلۂ کوئیز ٹکس" کے سلسلے کے تحت چونتیس کتابیں پیش کر رہا ہوں جس میں سے یہ ایک کتاب "..اشہور متفرق شخصیات" ہے۔ اس میں ہر شخصیت پر پندرہ یا پندرہ سے زائد سوالات مع جوابات ہیں۔ سو شخصیات کی محدودیت کی وجہ سے کافی شخصیات کو چھوڑنا پڑا ہے۔

ابتدا میں اس سلسلہ کو میں آسان سمجھا تھا لیکن بعد میں احساس ہوا کہ یہ کافی مشکل کام ہے۔ بہرحال اس "سلسلہ کوئیز ٹکس" کی تکمیل کا بیڑا اٹھایا تھا اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور اس کے حبیب پاک کے صدقے سے اس میں کامیاب ہوا۔

میں اپنے ان تمام ساتھیوں، دوستوں اور احباب کا مشکور و ممنون ہوں کہ جن کے تعاون سے یہ سلسلہ پایۂ تکمیل تک پہنچا۔

آج کل میں "ظفر معلوماتی انسائیکلوپیڈیا" اور مختلف موضوعات کی تقریباً چالیس کتابوں کی تصنیف، تالیف و ترتیب میں لگا ہوا ہوں۔ دعا کریئے کہ اللہ تعالیٰ کامیابی سے ہمکنار فرمائیں۔ آمین

آخر میں میں امید کرتا ہوں کہ میری یہ کوشش انشاء اللہ آپکو ضرور پسند آئیگی۔

عمر بھر جلتے کا اتنا تو صلہ پائیں گے ہم
بجھتے بجھتے، چند شمعیں تو جلا جائیں گے ہم

محمد ظفر اقبال
۲۶ر فروری ۱۹۸۵ء
کراچی

محمد ظفرؔ اقبال، غازی پور (یو۔پی)، انڈیا، میں پاکستان بننے کے بعد پیدا ہوئے۔ انکے والد جناب بدرؔ عالم خان، پاکستان آرمی میں ملازم رہے جہاں بہت سے تبادلوں کی بنا پر ظفرؔ نے ابتدائی تعلیم مغربی پاکستان کے مختلف اسکولوں میں حاصل کی۔ انہوں نے گورنمنٹ بوائیز سیکنڈری اسکول ۲ جہانگیر روڈ، کراچی سے ۱۹۶۵ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۶۷ء میں اسلامیہ کامرس کالج کراچی سے آئی کام کیا۔ ۱۹۶۹ء میں انہوں نے پریمئیر کالج، ناظم آباد کراچی سے گریجویشن کیا اور قانون کا امتحان کراچی یونیورسٹی سے ۱۹۷۵ء میں پاس کیا۔

اپنے طالب علمی کے زمانے سے ہی انہیں علمی وادبی سرگرمیوں سے بہت دلچسپی تھی۔ ۱۹۷۲ء سے ۱۹۸۳ء تک ۱۲ سال میں ان کی ۱۲ کتابیں یعنی

خزانۂ معلوماتِ عامّہ (پانچ ہزار سوالات مع جوابات)۔ معلوماتِ عالم۔ حیرت انگیز ہی حیرت انگیز۔ دلچسپ اور عجیب۔ آپ مانیں یا نہ مانیں۔ ذہانت کے سوالات۔ اپنی ذہانت آزمائیے۔ گھریلو ترکیبیں (حصہ اوّل ودوئم) سنہرے اقوال۔ دلچسپ باتیں (یعنی طنز ومزاح کے کئی سو واقعات) اور اردو کے ۲ ہزار بہترین اشعار شائع ہوئیں نیز مزید سات کتابیں کیا آپ جانتے ہیں۔ کیا کیوں کیسے کہاں کب کون۔ ذہن کی آزمائش۔ جہانِ معلومات۔ پاکستان آپ کی ہتھیلی پر۔ آپ کتنے پانی میں ہیں اور خزینہ بیت بازی ان کی زیرِ نگرانی منظرِ عام پر آئیں۔

۱۹۸۵ء میں ان کی ۳۲ کتابیں اور ۲ کتابیں ان کی زیرِ نگرانی جس کی فہرست بیک ٹائیٹل پر ہے شائع ہوئی ہیں۔ آج کل ماشاءاللہ یہ "ظفر معلوماتی انسائیکلوپیڈیا" اور مختلف موضوعات کی تقریباً چالیس کتابوں کی تصنیف وتالیف میں لگے ہوئے ہیں۔

ع ‌ اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ

# فہرست

# ۱۰۰ مشہور متفرق شخصیات


| نمبر شمار | نام شخصیت | صفحہ نمبر | نمبر شمار | نام شخصیت | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ابنِ بطوطہ | ۸ | ۱۴ | لڈوگ بیتھوون | ۳۴ |
| ۲ | آغا خان چہارم | ۱۰ | ۱۵ | جوہن باخ | ۳۶ |
| ۳ | ادتھانٹ | ۱۲ | ۱۶ | بھگت سنگھ | ۳۸ |
| ۴ | ملکہ ازابیلا | ۱۴ | ۱۷ | بنگ کراس بے | ۴۰ |
| ۵ | ایڈم اسمتھ | ۱۶ | ۱۸ | لیونیر برسٹین | ۴۲ |
| ۶ | کیپٹن رابرٹ اسکاٹ | ۱۸ | ۱۹ | آئزمیڈ کتنگ ڈم برونل | ۴۴ |
| ۷ | اناایلینر روزویلٹ | ۲۰ | ۲۰ | فرینک یورمین | ۴۶ |
| ۸ | اینڈریو کارنیگی | ۲۲ | ۲۱ | ڈائمنڈ جم براڈوے | ۴۸ |
| ۹ | اہلیا بائی | ۲۴ | ۲۲ | باسل زاروف | ۵۰ |
| ۱۰ | تھامس پی اسٹیفورڈ | ۲۶ | ۲۳ | بارنج برنارڈ | ۵۲ |
| ۱۱ | آمیڈو مودلیانی | ۲۸ | ۲۴ | پی ٹی بارنم | ۵۴ |
| ۱۲ | آئسا ڈوراڈنکن | ۳۰ | ۲۵ | جارج بارکلے | ۵۶ |
| ۱۳ | لارڈ بیڈن پاول | ۳۲ | ۲۶ | پبلو پکاسو | ۵۸ |

| نمبر شمار | نام شخصیت | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۷ | پینزیز ڈی کوائیر | ۶۰ |
| ۲۸ | سرجی پروکوفیف | ۶۲ |
| ۲۹ | پونے ڈی لیون | ۶۴ |
| ۳۰ | پی زارو | ۶۶ |
| ۳۱ | پال سیزانے | ۶۸ |
| ۳۲ | پیٹر پال روبنس | ۷۰ |
| ۳۳ | پیٹرک ہنری | ۷۲ |
| ۳۴ | تان سین | ۷۴ |
| ۳۵ | جے آر ڈی ٹاٹا | ۷۶ |
| ۳۶ | آرٹورو ٹوسکینینی | ۷۸ |
| ۳۷ | ملکہ ثریا | ۸۰ |
| ۳۸ | ملکہ جوزیفائن | ۸۲ |
| ۳۹ | جوہنس براہمس | ۸۴ |
| ۴۰ | فریڈرک چوپن | ۸۶ |
| ۴۱ | ڈیوڈ لونگ اسٹون | ۸۸ |
| ۴۲ | فرانسسکو ڈی گویا | ۹۰ |
| ۴۳ | ڈینیل بون | ۹۲ |
| ۴۴ | ریمبراں | ۹۴ |
| ۴۵ | رافیل | ۹۶ |
| ۴۶ | رولڈ امنڈسن | ۹۸ |
| ۴۷ | رابرٹ ایڈون پیری | ۱۰۰ |
| ۴۸ | جوہن ڈی راک فیلر | ۱۰۲ |
| ۴۹ | ڈیگو ریبیرا | ۱۰۴ |
| ۵۰ | آگسٹی راڈن | ۱۰۶ |
| ۵۱ | رچرڈ ایویلن بائرڈ | ۱۰۸ |
| ۵۲ | فلورنس نائٹ انگیل | ۱۱۰ |
| ۵۳ | سگمنڈ فرائڈ | ۱۱۲ |
| ۵۴ | سرفرانسس ڈریک | ۱۱۴ |
| ۵۵ | فرڈیننڈ میگالان | ۱۱۶ |
| ۵۶ | فرینک لائڈ رائٹ | ۱۱۸ |
| ۵۷ | فرڈیننڈ ڈی لیپ | ۱۲۰ |
| ۵۸ | فرانسس ژیٹس براؤن | ۱۲۲ |
| ۵۹ | کرسٹوفر کولمبس | ۱۲۴ |
| ۶۰ | جیمز کک | ۱۲۶ |
| ۶۱ | سر کرسٹوفر رین | ۱۲۸ |
| ۶۲ | کلیرا بارٹن | ۱۳۰ |
| ۶۳ | کیسانووا | ۱۳۲ |
| ۶۴ | گیری جیکب بانڈ | ۱۳۴ |

| نمبر شمار | نام شخصیت | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۶۵ | جان مینارڈ کینز | ۱۳۶ |
| ۶۶ | ولیم چیونک گلبرٹ | ۱۳۸ |
| ۶۷ | جارج گرش ون | ۱۴۰ |
| ۶۸ | تھامس گینو روف | ۱۴۲ |
| ۶۹ | پال گیگن | ۱۴۴ |
| ۷۰ | لیونارڈو ڈاونچی | ۱۴۶ |
| ۷۱ | لی کوربیروزئیر | ۱۴۸ |
| ۷۲ | لووِل جیکسن ٹامس | ۱۵۰ |
| ۷۳ | مارکو پولو | ۱۵۲ |
| ۷۴ | مانی | ۱۵۴ |
| ۷۵ | وولف گینگ موزارٹ | ۱۵۶ |
| ۷۶ | مائیکل اینجلو | ۱۵۸ |
| ۷۷ | مونا لیزا | ۱۶۰ |
| ۷۸ | نواب مشتاق احمد خان | ۱۶۲ |
| ۷۹ | میر قاسم | ۱۶۴ |
| ۸۰ | مارٹن جانسن | ۱۶۶ |
| ۸۱ | جے پیرپونٹ مورگان | ۱۶۸ |
| ۸۲ | واسکوڈی گاما | ۱۷۰ |
| ۸۳ | ونسنٹ وان گو | ۱۷۲ |
| ۸۴ | ولیم بین | ۱۷۴ |
| ۸۵ | ورڈی گیپی | ۱۷۶ |
| ۸۶ | رچرڈ ویگنر | ۱۷۸ |
| ۸۷ | ولیسکوئنز | ۱۸۰ |
| ۸۸ | ولیم رنڈولف ہرسٹ | ۱۸۲ |
| ۸۹ | ولیم ڈوکن فیلڈز کلاڈ | ۱۸۴ |
| ۹۰ | جان گٹ لب وینڈل | ۱۸۶ |
| ۹۱ | ہیلن کیلر | ۱۸۸ |
| ۹۲ | سر ایڈمنڈ ہلاری | ۱۹۰ |
| ۹۳ | ہنری فورڈ | ۱۹۲ |
| ۹۴ | ہنری دانسن | ۱۹۴ |
| ۹۵ | ہنری ہڈسن | ۱۹۶ |
| ۹۶ | ہیٹی گرین | ۱۹۸ |
| ۹۷ | ہنری مور | ۲۰۰ |
| ۹۸ | ہنری برگ | ۲۰۲ |
| ۹۹ | ہربرٹ آسٹن | ۲۰۴ |
| ۱۰۰ | ہارورڈ تھرسٹن | ۲۰۶ |

# ۱- ابنِ بطوطہ

۱۔ عظیم ترین مسلمان سیّاح ابنِ بطوطہ کا پورا نام کیا تھا؟

۲۔ انہوں نے اپنا سفر کُل کتنی مدت میں طے کیا؟

۳۔ انہوں نے قونیہ میں کس بزرگ ہستی کے مزار پر حاضری دی؟

۴۔ ابنِ بطوطہ طنجہ میں پیدا ہوئے۔ بتائیے طنجہ کس ملک میں ہے؟

۵۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم کہاں مکمل کی؟

۶۔ دنیا کی سیاحت شروع کرتے وقت ان کی عمر کیا تھی؟

۷۔ اپنی سیاحت کے دوران انہوں نے کتنی مرتبہ حج بیت اللہ ادا کیا؟

۸۔ ان کے دہلی پہنچنے کے وقت ان کی عمر کیا تھی؟

۹۔ وہ قاضی کی حیثیت سے کتنے برس ہندوستان میں رہے؟

۱۰۔ سلطان محمد تغلق نے انہیں کہاں کا سفیر بنا کر بھیجا تھا؟

۱۱۔ انہوں نے اپنے تیس سالہ طویل سفر میں کتنے میل کا فاصلہ طے کیا؟

۱۲۔ انہوں نے کس کو اپنا سفر نامہ لکھوایا تھا؟

۱۳۔ سفرِ قسطنطنیہ کے وقت کون لوگ انہیں اغوا کرنے کی کوشش میں لگے ہوئے تھے؟

۱۴۔ وہ طنجہ سے کون سے ساحل پر سے سفر کرتے ہوئے پہنچا تھے؟

۱۵۔ دورانِ سفر مکہ میں انہوں نے کتنی مدت قیام کیا؟

۱۵(ا)۔ ان کی سنِ پیدائش اور سنِ وفات بتائیں؟

## جوابات

۱۔ ابوعبداللہ محمد ابنِ بطوطہ

۲۔ تقریباً تیس سال میں

۳۔ مولانا رومؒ کے مزار پر

۴۔ مراکش میں

۵۔ طنجہ میں

۶۔ اکیس سال

۷۔ چار مرتبہ

۸۔ سلطان محمد تغلق

۹۔ دس برس تک

۱۰۔ چین کا

۱۱۔ پچھتر ہزار میل کا

۱۲۔ محمد ابن جزئی کو

۱۳۔ تُرک

۱۴۔ بحیرۂ روم

۱۵۔ تین سال

۱۵(ا) سنہ ۱۳۰۴ء، سنہ ۱۳۷۸ء

# ۲- آغاخاں چہارم

پ ۱۹۳۶ء

۱۔ آغاخاں چہارم کا اصل نام بتائیے؟

۲۔ بہ اعتبارِ ترتیب آپ اسماعیلی فرقے کے کون سے امام ہیں؟

۳۔ آپ کے والد کا نام کیا ہے؟

۴۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم گھر پر علیگڑھ مسلم یونیورسٹی کے کس پروفیسر سے حاصل کی تھی؟

۵۔ انہوں نے سوئٹزرلینڈ کے کس اسکول میں تعلیم حاصل کی تھی؟

۶۔ ۱۹۵۴ء میں انہوں نے کس یونیورسٹی میں داخلہ لیا تھا؟

۷۔ بتائیے آپکو کون سی زبانوں پر عبور حاصل ہے؟

۸۔ آپنے یوگنڈا زیمبیا کا دورہ اپنے کس بھائی کے ساتھ کیا تھا؟

۹۔ ۱۳ر جولائی ۱۹۵۷ء کو ان کی زندگی میں کیا اہمیت حاصل ہے؟

۱۰۔ گدی نشین ہونے کے کتنے عرصہ بعد انہوں نے پیرس، بیروت، کراچی اور ڈھاکہ میں مریدوں سے بعیت لی تھی؟

۱۱۔ ۱۳ر جولائی ۱۹۵۷ء کو ان کی امامت کی پہلی رسم کہاں ادا کی گئی تھی؟

۱۲۔ آپ کی والدہ جون کینل کس کی بیٹی تھیں؟

۱۳۔ بتائیے ان کی مستقل رہائش گاہ کہاں واقع ہے؟

۱۴۔ سر آغاخاں چہارم نے اپنے ٹرسٹ کے تحت پاکستان کے کس شہر میں میڈیکل کالج بنایا؟

۱۵۔ آپ نے ۱۳ر جولائی ۱۹۵۷ء کو اپنے دادا کی قیام گاہ برکت کے پائیں باغ میں کتنے اسمعیلیوں کے پیشوا ہونے کا اعلان کیا؟

# جوابات

۱۔ شہزادہ کریم آغا خاں

۲۔ ۴۹ ویں

۳۔ اکبر شہزادہ علی خاں

۴۔ پروفیسر مصطفیٰ کامل

۵۔ لے روزا

۶۔ ہاورڈ یونیورسٹی

۷۔ انگریزی، فرانسیسی، اردو، عربی، اطالوی، ہسپانوی

۸۔ امین

۹۔ امامت کی پہلی رسم ادا ہوئی تھی۔

۱۰۔ ایک ماہ بعد

۱۱۔ جنیوا

۱۲۔ لارڈ ہرٹس

۱۳۔ پیرس

۱۴۔ کراچی

۱۵۔ دو کروڑ

# ۳۔ او تھانٹ

(سنہ ۱۹۰۹ء۔ سنہ ۱۹۷۴ء)

۱۔ او تھانٹ کا تعلق کس ملک سے تھا؟
۲۔ وہ کتنی مرتبہ اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری مقرر ہوئے؟
۳۔ ان کی سیاسی زندگی کا آغاز کب ہوا؟
۴۔ انہوں نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز کس جماعت سے کیا؟
۵۔ وہ اقوام متحدہ میں برما کے مستقل نمائندے کب مقرر ہوئے تھے؟
۶۔ وہ نشریات کے ناظم کس سنہ میں ہوئے؟
۷۔ وہ اقوام متحدہ کی مصالحتی کمیٹی برائے کانگو کے چیرمین کب بنے؟
۸۔ وہ اقوام متحدہ کے کس اجلاس میں سیکرٹری چنے گئے تھے؟
۹۔ وہ کس مذہب کے پیرو تھے؟
۱۰۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے پر ان کا تقرر کس کی جگہ عمل میں آیا تھا؟
۱۱۔ انہوں نے برما کی کس یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی تھی؟
۱۲۔ وہ برما کے کس علاقے میں پیدا ہوئے تھے؟
۱۳۔ انہوں نے اپنی عملی زندگی کا آغاز کس حیثیت سے کیا؟
۱۴۔ تدریس کے پیشے سے وہ کتنے سال منسلک رہے؟
۱۵۔ برمی حکومت نے انہیں سنہ ۱۹۵۵ء میں کن دو شعبوں کا ایگزیکٹیو سیکرٹری مقرر کیا تھا؟
۱۵ (ا) سیکرٹری جنرل بننے سے قبل وہ اقوام متحدہ کے کس ادارے کے نائب صدر مقرر ہوئے؟
۱۵ (ب) سیکرٹری جنرل کا عہدہ سنبھالنے سے قبل وہ کتنے عرصہ قائمقام سیکرٹری جنرل رہے تھے؟

# جوابات

۱۔ برما سے

۲۔ اقوام متحدہ

۳۔ ۱۹۴۷ء

۴۔ اینٹی فاسسٹ پیپلز فریڈم لیگ

۵۔ ۱۹۵۷ء

۶۔ ۱۹۴۸ء

۷۔ ۱۹۶۱ء

۸۔ ۱۲ ویں سالانہ اجلاس میں

۹۔ بدھ مت

۱۰۔ ڈاگ ہیمر شولڈ کی جگہ

۱۱۔ رنگون میں

۱۲۔ پانٹا میں

۱۳۔ اسکول میں سینئر ماسٹر کی حیثیت سے

۱۴۔ چار سال تک

۱۵۔ معاشی و سماجی شعبوں کا

۱۵ (ا) جنرل اسمبلی کے

۱۵ (ب) ایک سال تک

# ۱۴۔ ملکہ ازابیلا

(۱۴۵۱ء۔ ۱۵۰۴ء)

۱۔ ازابیلا کہاں پیدا ہوئی تھیں؟

۲۔ انہوں نے اپنے کس بھائی کی مرضی کے خلاف شادی کرکے خود کو اقتدار سے محروم کرلیا تھا؟

۳۔ کنگ ہنری نے اپنی کس بیٹی کو ازابیلا کی جگہ نامزد کیا تھا؟

۴۔ امورِ سلطنت میں کوئین ازابیلا سب سے زیادہ کس سے مشورہ لیا کرتی تھیں؟

۵۔ انہوں نے کس مشہور بادشاہ سے شادی کی تھی؟

۶۔ انہوں نے اپنی بھتیجی کے خلاف کتنے سال سول وار کی جس کے بعد انہیں اقتدار ملا؟

۷۔ اسپین کی کس سلطنت پر قبضہ کرنے کے لئے فرڈینینڈ اور انہوں نے ملکر گیارہ سال جنگ کی

۸۔ ازابیلا نے کب اسپین کے یہودیوں کو حکم دیا کہ وہ عیسائی ہوجائیں ورنہ اسپین چھوڑ دیں؟

۹۔ یہودیوں کو اسپین چھوڑنے کے لئے کتنی مدت دی گئی تھی؟

۱۰۔ انہوں نے مسلمانوں کو عیسائی نہ ہونے کی صورت میں کب اسپین چھوڑنے کا حکم دیا؟

۱۱۔ انکی کس مشہور تحریک کو کامیابی نہ ہوسکی؟

۱۲۔ انہوں نے کس مشہور مہم جو کی مالی امداد کی تھی؟

۱۳۔ انکی کتنی اولاد تھی؟

۱۴۔ انکی کس بیٹی کی شادی آسٹریا کے فلپ اوّل سے ہوئی؟

۱۵۔ فرڈینینڈ اور ازابیلا نے مشترکہ طور پر کتنے عرصہ اسپین پر حکومت کی؟

۱۵ (ا) ازابیلا کے دور میں سب سے اہم تاریخی واقعہ کیا رونما ہوا؟

۱۵ (ب) فلپ اوّل سے انکی بیٹی کی شادی جارج پنجم کی حکومت کی وسعت پر کس طرح اثر انداز ہوئی؟

# جوابات

۱. میڈریگال کے سائل کی سلطنت کا حصہ
۲. کنگ ہنری چہارم (کیسائل کا بادشاہ)
۳. جوآنا
۴. فرڈیننڈ آف ایراگون
۵. فرڈیننڈ
۶. ۵ سال (سنہ ۷۹-۱۴۷۴)
۷. غرناطہ
۸. سنہ ۱۴۹۲ء
۹. چار ماہ
۱۰. سنہ ۱۵۰۲ء
۱۱. پروٹسٹنٹ
۱۲. کرسٹوفر کولمبس
۱۳. پانچ بچے
۱۴. جوآنا
۱۵. ۲۵ سال
۱۵ (ا) کرسٹوفر کولمبس نے نئی دنیا دریافت کی
۱۵ (ب) چارلس پنجم (ازابیلا کا ناتی) کو وسیع حکومت مل گئی

# ۵- ایڈم اسمتھ

(۱۷۳۲ء - ۱۷۹۰ء)

۱۔ مشہور ماہر معاشیات ایڈم اسمتھ کا تعلق کس ملک سے تھا؟

۲۔ انکی ۱۷۶۳ء میں کونسی تصنیف شائع ہوئی؟

۳۔ انکی مرتب کردہ کتاب دولتِ اقوام کتنے سال تک امریکہ اور انگلستان میں رائج رہی؟

۴۔ ایڈم اسمتھ نے اخلاقی فلسفے کی تعلیم کس یونیورسٹی سے حاصل کی؟

۵۔ ۱۷۴۰ء میں وہ کس کالج میں داخل ہوئے؟

۶۔ ۱۷۶۳ء میں وہ کہاں کے ڈیوک کے اتالیق مقرر ہوئے؟

۷۔ ۱۷۷۸ء میں وہ کہاں کسٹم کے کمشنر مقرر ہوئے؟

۸۔ ایڈم اسمتھ کا تعلق معاشیات کے کس طبقے سے ہے؟

۹۔ انکے کس شاگرد نے اپنا معاشی نقطۂ نظر پیش کرتے ہوئے نیا معاشی مکتبۂ فکر قائم کیا تھا؟

۱۰۔ ایڈم اسمتھ کا انتقال کس شہر میں ہوا تھا؟

۱۱۔ ۱۷۵۲ء کی انکی زندگی میں کیا اہمیت ہے؟

۱۲۔ کس یونیورسٹی میں منطق کے پروفیسر مقرر ہوئے؟ اور کب؟

۱۳۔ ۱۷۵۹ء میں انکی کون سی کتاب شائع ہوئی؟

۱۴۔ ان کے والد کا پیشہ کیا تھا؟

۱۵۔ ۱۷۵۰ء میں انہوں نے کس اہم شخصیت سے ملاقات کی؟

۱۵(ا) ۱۷۴۳ء میں انہوں نے کہاں پبلک لیکچر دینے کا آغاز کیا؟

۱۵(ب) ایڈم اسمتھ کو معیشت داں کس خطاب سے یاد کرتے ہیں!

۱۵(ج) وہ اپنی زندگی کے آخری ۱۲ برسوں میں کس شہر کے کمشنر رہے تھے؟

# جوابات

۱. اسکاٹ لینڈ (کرکالڈی)

۲. دولت اقوام

۳. سو سال تک

۴. گلاسگو یونیورسٹی

۵. بلیل کالج آکسفورڈ

۶. بکلیوک

۷. اسکاٹ لینڈ

۸. کلاسیکی معاشیات

۹. مارشل

۱۰. اسکاٹ لینڈ

۱۱. اخلاقی فلسفے کے شعبے کا سربراہ بنا تھا

۱۲. گلاسگو یونیورسٹی ، ۱۷۵۱ء

۱۳. اخلاقی جذبات کا نظریہ

۱۴. جج تھے

۱۵. ڈیوڈ ہیوم

۱۵ (ا) ایڈنبرا

۱۵ (ب) جدید معاشیات کے باوا آدم

۱۵ (ج) ایڈنبرگ کے

## ۶ کیپٹن رابرٹ فالکن اسکاٹ

(۱۸۶۸ء - ۱۹۱۲ء)

۱۔ مشہور مہم جو کیپٹن رابرٹ فالکن اسکاٹ کا تعلق کس ملک سے تھا؟

۲۔ انگلستان میں ان کے نام سے منسوب کونسی یادگار قائم ہے؟

۳۔ ۱۹ فروری ۱۹۱۲ء کو وہ کہاں روانہ ہوئے؟

۴۔ انکی قبر پر کس مشہور شاعر کے شعر کندہ ہیں؟

۵۔ انکی موت کے کتنے سالوں بعد انگلستان میں ان کے نام سے ایک پولر عجائب گھر قائم کیا گیا؟

۶۔ پولر عجائب گھر کے سامنے والے حصے پر اسکاٹ کا کونسا فقرہ کندہ ہے؟

۷۔ ۱۹ فروری ۱۹۱۲ء کو قطبِ جنوبی سے روانگی کے کتنے عرصہ بعد انہوں نے آخری بار خیمہ نصب کیا؟

۸۔ اپنی زندگی کے آخری وقت میں انہوں نے کس کو خط لکھا؟

۹۔ انکے ساتھ اور کتنے ساتھی تھے؟

۱۰۔ وہ اپنے ساتھ مہم پر کونسا جانور لے گئے تھے؟

۱۱۔ وہ ۶ جون ۱۸۶۸ء کو کہاں پیدا ہوئے؟

۱۲۔ انکی مہمات پر کونسی کتاب شائع ہوئی؟

۱۳۔ انہوں نے قطب جنوبی کے المناک سفر کا آغاز کہاں سے کیا تھا؟

۱۴۔ سخت جد و جہد کے بعد جب وہ قطب جنوبی پہنچے تو وہاں کس کی کامیابی کا پرچم لہرا رہا تھا؟

۱۵۔ ۱۹۱۲ء میں قطب جنوبی کی مہم سے واپسی کے بعد وہ ایک زبردست برفانی طوفان میں گھر گئے تھے۔ یہ طوفان کتنے عرصہ جاری رہا؟

# جوابات

۱۔ انگلستان سے

۲۔ پولر عجائب گھر

۳۔ قطب جنوبی

۴۔ ٹینی سن

۵۔ بیس سال

۶۔ قطب جنوبی کا راز جاننے گیا تھا لیکن [illegible] خدا کا بھید پا لیا؟

۷۔ پچاس روز بعد

۸۔ سر جیمز بیری

۹۔ چار

۱۰۔ خچر

۱۱۔ ڈیونپورٹ

۱۲۔ The VOYAGE OF the DISCOVERY

۱۳۔ ٹیرا نوذا

۱۴۔ ناروے کے امنڈسن

۱۵۔ ۱۱ روز تک

# ۷۔ انا ایلینیر روزویلٹ

۱۔ امریکی خاتونِ اوّل انا ایلینیر روزویلٹ کب پیدا ہوئی تھیں؟

۲۔ وہ امریکہ کے کس مشہور شہر میں پیدا ہوئیں؟

۳۔ امریکی صدر فرینکلن روز ویلٹ سے ان کی شادی کب ہوئی؟

۴۔ ان کے چچا کا نام کیا تھا جو بعد میں امریکہ کے چھبیسویں صدر کہلائے؟

۵۔ امریکہ کی خاتون اوّل کی حیثیت سے انہوں نے کس روزنامے میں اپنا پہلا کالم لکھا؟

۶۔ بتائیے انہیں بحیثیت نمائندہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے لئے کب منتخب کیا گیا؟

۷۔ وہ اپنے آخری ایام میں ایک دن میں کتنے گھنٹے کام کرتی تھیں؟

۸۔ کس ملک نے انہیں "مکار سرمایہ داری غلام" کے نام سے پکارا تھا؟

۹۔ ۱۹۴۵ء کو ان کی زندگی میں کیا اہمیت حاصل ہے؟

۱۰۔ وہ بچپن میں کن دو بڑے صدمات سے دوچار ہوئی تھیں؟

۱۱۔ ۱۹۴۹ء میں کس میگزین کے امریکی قارئین نے اپنی پسندیدہ شخصیت انہیں قرار دیا تھا؟

۱۲۔ انہوں نے واشنگٹن کی کون سی مشہور عمارت میں بہت سی ترامیم کروائی تھیں؟

۱۳۔ "وہ بادشاہوں کے ساتھ چلیں لیکن انہوں نے عوام سے اپنا رابطہ کبھی نہیں توڑا۔" مسز روز کے بارے میں یہ تبصرہ کس نے کیا؟

۱۴۔ انہیں اقوام متحدہ میں امریکی نمائندہ کس نے نامزد کیا تھا؟

۱۵۔ انہوں نے رفاہی کاموں کیلئے کُل کتنی رقم بطور عطیہ مختلف اداروں کو دی تھی؟

# جوابات

۱. ۱۱؍اکتوبر ۱۸۸۴ء
۲. نیویارک
۳. ۱۶؍ مارچ ۱۹۰۵ء
۴. تھیوڈور روزویلٹ
۵. "مائی ڈے" میں
۶. دسمبر ۱۹۴۵ء
۷. تقریباً ۱۷ گھنٹے
۸. روس نے
۹. وہ بیوہ ہوگئیں
۱۰. ماں باپ کا انتقال
۱۱. وومنس ہوم کمپینیئن WOMAN'S HOME COMPANION
۱۲. وائٹ ہاؤس
۱۳. نیوز کرانیکل
۱۴. صدر ٹرومین نے
۱۵. ۵۵ لاکھ ڈالر

# ۸ - اینڈریو کارنیگی

(۲۵ نومبر ۱۸۵۳ء - ۱۱ اگست ۱۹۱۹ء)

۱۔ اینڈریو کارنگی کہاں پیدا ہوئے؟

۲۔ ۱۳ سال کی عمر میں وہ اپنے خاندان کے ساتھ کہاں رہائش پذیر ہوئے؟

۳۔ پہلے پہل انہوں نے کون سی نوکری کی تھی؟

۴۔ بعد میں انہوں نے کونسی ملازمت کی؟

۵۔ ملازمت کے ساتھ ساتھ وہ کیا سیکھتے رہے؟

۶۔ ۱۸۵۳ء میں وہ کس کے پرائیویٹ سیکریٹری رہے تھے؟

۷۔ ابتداء میں انہوں نے اپنا سرمایہ کس کمپنی میں لگایا؟

۸۔ مذکورہ کمپنی کس چیز کی موجد تھی؟

۹۔ انہوں نے ذاتی کارپوریشن کتنے سرمائے سے قائم کی تھی؟

۱۰۔ خانہ جنگی کے زمانے میں انہوں نے کہاں نوکری کی؟

۱۱۔ انہوں نے کس محکمہ کو نئی بنیادوں پر استوار کیا ہے؟

۱۲۔ ۱۸۶۵ء کے بعد انہوں نے کن کمپنیوں کے حصص خرید سے؟

۱۳۔ انہوں نے کس براعظم کی تفصیلی سیاحت کی؟

۱۴۔ انہوں نے کونسی کارپوریشن قائم کی تھی؟

۱۵۔ انہوں نے بعد میں تمام کام چھوڑ کر کس چیز پر اپنی توجہ مرتکز کی؟

۱۵ (ا) وہ کتنا پیسہ جمع کر کے کام کاج سے سبکدوش ہوئے؟

۱۵ (ب) انہوں نے پٹس برگ میں کس کالج کی بنیاد ڈالی؟

۱۵ (ج) کس مقصد کے لئے انہوں نے ایک ٹرسٹ وقف کیا؟

# جوابات

۱. اسکاٹ لینڈ کے شہر ڈمفرلن میں

۲. ایلیگھینی (پنسلوانیا)

۳. چرخی گھمانے کی

۴. تار گھر میں چپراسی کی

۵. ٹیلیگرافی

۶. پنسلوانیا ریلوے کے ایک ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ کے

۷. وڈرف کمپنی میں

۸. "پلمین سلیپنگ کار" کی

۹. ½۱۲ کروڑ ڈالر کے سرمائے سے

۱۰. فوجی رسل و رسائل کے دفتر میں

۱۱. محکمۂ تار کو

۱۲. لوہے کی کمپنیوں کے

۱۳. یورپ کا

۱۴. کارنیگی کارپوریشن

۱۵. صرف فولاد پر

۱۵ (ا) پچیس کروڑ ڈالر جمع کر کے

۱۵ (ب) ٹیکنالوجی کالج

۱۵ (ج) تعلیم کی ترقی کے لئے

# ۹۔ اہلیا بائی

۱۔ مالوہ کی حکمران اہلیا بائی کے خاوند کا کیا نام تھا؟
۲۔ ان کے خسر کا کیا نام تھا؟
۳۔ اہلیا بائی کا تعلق کس خاندان سے تھا؟
۴۔ ان کا خسر کس ریاست کا بانی تھا؟
۵۔ اہلیا بائی کی کتنی اولادیں تھیں ؟
۶۔ سپہ سالار اہلیا بائی کو کس لقب سے یاد کرتے تھے ؟
۷۔ انتظام مملکت کے سلسلہ میں انہوں نے جو اصطلاحیں کیں وہ کس جگہ اب تک یادگار ہے ؟
۸۔ انہوں نے کتنے سال مالوہ پر حکمرانی کی ؟
۹۔ ان کے دربار کے اوقات کیا تھے ؟
۱۰۔ انہوں نے کس گاؤں کو ایک مالدار شہر میں بدل دیا تھا ؟
۱۱۔ انہوں نے کتنے سال کی عمر تک اندور پر حکمرانی کی ؟
۱۲۔ اہلیا بائی کے بیٹے کا کیا نام تھا؟
۱۳۔ کس جگہ انکی بنوائی ہوئی مورت اب بھی موجود ہے ؟
۱۴۔ اہلیا بائی کی بیٹی کا کیا نام تھا ؟
۱۵۔ ملہار راؤ کا جانشین کون تھا؟
۱۵(ا) انہوں نے کس قوم کے لیڈروں کو سخت سزائیں دیں ؟
۱۵(ب) اہلیا بائی کا انتقال کس عمر میں ہوا؟

# جوابات

۱۔ کنڈی راؤ

۲۔ ملہار راؤ ہلکر

۳۔ ہلکر خاندان

۴۔ اندور کی ریاست

۵۔ دو

۶۔ ماتا بی

۷۔ مالوہ

۸۔ ۳۰ سال

۹۔ سہ پہر سے شام ۶ بجے

۱۰۔ اندور

۱۱۔ ۶۰ سال

۱۲۔ ملّی راؤ

۱۳۔ گیا

۱۴۔ مکنا بائی

۱۵۔ ملی راؤ

۱۵ (ا) گونڈ قوم

۱۵ (ب) ۶۰ سال

# ۱۰۔ تھامس پی اسٹیفورڈ

۱۔ مشہور خلا باز تھامس پی اسٹیفورڈ کس ملک میں پیدا ہوئے؟

۲۔ وہ امریکہ کے کس شہر میں پیدا ہوئے؟

۳۔ انہوں نے فضائیہ کا کمیشن کب حاصل کیا؟

۴۔ انہوں نے ہوابازی کی تربیت کے بعد کہاں طیارے اڑائے؟

۵۔ سنہ ۵۹-۱۹۵۸ء کی تجرباتی پرواز کے بعد انہوں نے کہاں داخلہ لیا؟

۶۔ خلائی ادارے میں انہیں کس عہدے پر ترقی دی گئی؟

۷۔ انہوں نے خلائی ادارے میں کس شعبہ میں مہارت حاصل کی؟

۸۔ کیلیفورنیا کے خلائی تحقیق کے اسکول میں انہوں نے کیا نام سرانجام دیا؟

۹۔ ہوابازی کی کتاب کی تیاری میں اُن کا کیا حصّہ تھا؟

۱۰۔ T-38 جیٹ طیارے کیلئے انہوں نے کونسا نظام وضع کیا؟

۱۱۔ خلائی انجینیرنگ میں انہیں کونسا تجربہ حاصل تھا؟

۱۲۔ جیمنی ششم میں وہ کس خلانورد کے معاون پائلٹ تھے؟

۱۳۔ سنہ ۱۹۶۲ء کو ان کی زندگی میں کیا اہمیت حاصل ہے؟

۱۴۔ سنہ ۱۹۵۲ء میں نیوی اکاڈمی سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد انہوں نے کہاں کمیشن حاصل کیا

۱۵۔ وہ کس امریکی صدر کے عہد میں خلاء پر بھیجی گئی مہم میں شریک کئے گئے؟

# جوابات

۱۔ امریکہ

۲۔ اوکلاہاما

۳۔ ۱۹۵۲ء میں

۴۔ امریکہ اور جرمنی میں

۵۔ آزمائشی اسکول میں

۶۔ میجر کے عہدے پر

۷۔ آلاتِ مواصلات میں

۸۔ نصاب کی تدوین اور تنظیم کے فرائض انجام دیئے

۹۔ ہوابازی کی کتاب میں شریک مصنف

۱۰۔ کمپیوٹر نظام وضع کیا

۱۱۔ ٹیسٹ پائلٹ کا تجربہ

۱۲۔ والٹر شر

۱۳۔ مہم تسخیرِ خلا میں شامل کیا گیا

۱۴۔ فضائیہ

۱۵۔ کنیڈی

# ۱۱۔ امیدو مودلیانی

## (AMEDO MODIGILIANI)

(۱۸۸۴ء - ۱۹۲۰ء)

۱۔ عالمی شہرت یافتہ مصور آمیدو مودلیانی کا تعلق کس ملک سے تھا؟

۲۔ انہوں نے کن مشہور شہروں میں پینٹنگ کی ابتدائی تعلیم حاصل کی تھی؟

۳۔ ۱۹۰۶ء کو انکی زندگی میں کیا اہمیت حاصل تھی؟

۴۔ وہ کس عمر میں شدید بیمار ہوئے؟

۵۔ انکی تصاویر کا سب سے بڑا فروخت کنندہ کون تھا؟

۶۔ مودلیانی کن دو مصوروں کو بے حد پسند کرتے تھے؟

۷۔ ۱۹۱۴-۱۶ء وہ کس مشہور انگریزی شاعر کے ساتھ مقیم تھے؟

۸۔ ۱۹۱۷ء میں انہوں نے کس مصورہ سے شادی کی تھی؟

۹۔ مصوری ترک کر کے کچھ عرصہ کے لئے انہوں نے کون سا فن اپنایا؟

۱۰۔ مجسمہ سازی کے سلسلہ میں وہ کس براعظم کے آرٹ سے متاثر تھے؟

۱۱۔ ۱۸۸۴ء میں اٹلی کے کس مقام پر پیدا ہوئے؟

۱۲۔ مصوری کی دنیا کی طرف وہ کب واپس ہوئے؟

۱۳۔ ان کے والدین کا تعلق کس مذہب سے تھا؟

۱۴۔ وہ صرف ۳۶ برس کی عمر میں کس وجہ سے انتقال کر گئے؟

۱۵۔ ۱۹۱۵ء میں ان کی کونسی تین شاہکار تصاویر نمائش کے لئے پیش کی گئیں؟

۱. اٹلی سے

۲. فلورنس اور وینس میں

۳. پیرس میں

۴. ۳۴ برس کی عمر میں

۵. زواواسکی

۶. پکاسو اور سیزان کو

۷. بیٹرک ہیسٹنگز

۸.

۹. مجسمہ سازی

۱۰. افریقہ سے

۱۱. لیگ مارن کے مقام پر

۱۲. ۴ سال بعد

سنہ ۱۹۱۴ء میں

۱۳. یہودی مذہب سے

۱۴. شراب نوشی کی کثرت کے سبب

۱۵ GLI GOSPI ، L'ENFANT GRASS ، اور

LA JOLIE MENAGERE

# ۱۲۔ آئسا ڈورا ڈنکن
## (ISADORADUNCAN)

(۵ رمئی ۱۸۷۸ء - ۱۴ ستمبر ۱۹۲۷ء)

۱۔ بین الاقوامی شہرت کی حامل مشہور رقاصہ آئسا ڈورا کس شہر میں پیدا ہوئیں؟

۲۔ ۱۹۲۷ء میں ان کے ساتھ کیا حادثہ پیش آیا تھا؟

۳۔ ۱۸۹۹ء میں کس جگہ اپنے فن کا مظاہرہ کرنے کے لئے پہنچی تھیں؟

۴۔ انہوں نے اپنی زندگی کے حالات کس نام سے لکھے؟

۵۔ آئسا ڈورا کی زندگی پر ایک فلم بھی بنائی گئی۔ بتائیے اس فلم میں کس اداکارہ نے انکا کردار ادا کیا؟

۶۔ "مائی لائف" کب شائع ہوئی؟

۷۔ ۱۹۰۰ء میں وہ کہاں گئی تھیں؟

۸۔ پرنس آف ویلز سے آئسا ڈورا کی ملاقات کس شہر میں ہوئی؟

۹۔ "مائی لائف" پر کس الزام کے تحت پابندی عائد کر دی گئی؟

۱۰۔ انکی گورڈن کریگ سے ملاقات کس شہر میں ہوئی؟

۱۱۔ انہوں نے کس عمر میں اپنی پہلی بچی کو جنم دیا تھا؟

۱۲۔ ۱۹۱۳ء میں انکی زندگی کا کونسا المناک واقعہ پیش آیا تھا؟

۱۳۔ ۱۹۲۲ء میں وہ کس ملک پہنچی تھیں؟

۱۴۔ انہوں نے ۱۹۲۲ء میں کس روسی شاعر سے شادی کی؟

۱۵۔ آئسا ڈورا کی موت کسطرح واقع ہوئی؟

# جوابات

۱. سان فرانسسکو (امریکہ)

۲. شوہر نے طلاق دے دی

۳. شکاگو

۴. مائی لائف

۵. وسینا ریڈ گریو

۶. انکی موت کے بعد

۷. لندن

۸. لندن میں

۹. فحاشی و بیباکی کی بناء پر

۱۰. برلن

۱۱. ۲۷ برس کی عمر میں

۱۲. ان کے دونوں بچے ڈوب کر مر گئے

۱۳. روس

۱۴. لینن

۱۵. کار کے حادثہ میں

# ۱۳۔ لارڈ بیڈن پاول

(۱۸۵۷ء ۔ ۱۹۴۱ء)

۱۔ لارڈ بیڈن پاول اسکاؤٹ تحریک کے بانی کس ملک کے رہنے والے تھے ؟

۲۔ ان کے والد کا کیا نام تھا؟

۳۔ وہ فوج میں کب بھرتی ہوئے ؟

۴۔ انہوں نے کن کن ملکوں میں خدمات سرانجام دیں؟

۵۔ ۱۹۰۸ء کو ان کی زندگی میں کیا اہمیت حاصل ہے ؟

۶۔ الگینز سے ان کا کیا تعلق تھا ؟

۷۔ جب انکی عمر ۱۱ برس ہوئی تو وہ کس اسکول میں بھیجے گئے ؟

۸۔ مذکورہ اسکول کہاں پر واقع تھا؟

۹۔ کن مضامین میں ان کو فوقیت حاصل تھی؟

۱۰۔ تعلیم کے اختتام پر انہوں نے کونسی نوکری کی؟

۱۱۔ وہ کس عمر میں فوج سے ریٹائر ہوئے تھے ؟

۱۲۔ انکی تنخواہ شروع میں کم تھی تو اس کے لئے انہوں نے کیا کیا؟

۱۳۔ وہ انگلستان کب واپس آئے ؟

۱۴۔ انہوں نے ۱۸۸۷ء میں اپنی رجمنٹ کیوں چھوڑی؟

۱۵۔ انہیں ہیرو آف میف کنگ کیوں کہا جاتا ہے؟

۱۵(ا) جب وہ لیفٹننٹ کرنل کے عہدے پر فائز ہوئے تو انکی عمر کتنی تھی ؟

۱۵(ب) کون سی مہم سر کرنے کے بعد کرنل بنے ؟

۱۵(ج) انہوں نے عالمی شہرت کب حاصل کی ؟

۱۵(د) وہ انسپکٹر جنرل آف کیولری کب سے کب تک رہے ؟

## جوابات

۱۔ انگلینڈ

۲۔ پروفیسر تھامس بیڈن پاول

۳۔ سنہ ۱۸۷۶ء

۴۔ ہندوستان، افغانستان، جنوبی افریقہ

۵۔ بوائے اسکاؤٹ تحریک کا آغاز کیا ؟

۶۔ ہمشیرہ جن کی وساطت سے گرلز گائیڈ تحریک چلی

۷۔ روز ہل اسکول

۸۔ ٹن برج ویلفر

۹۔ انگریزی اور معاشرتی علوم میں

۱۰۔ فوج میں کمیشن لیا

۱۱۔ ۵۳ سال

۱۲۔ اخبار کے لئے آرٹیکل لکھتے تھے

۱۳۔ سنہ ۱۸۸۴ء

۱۴۔ وہ جنرل کے اے ڈی سی مقرر ہو گئے

۱۵۔ کیونکہ انہوں نے افریقہ میں زولو سردار کی بغاوت کچل دی تھی

۱۵(ا) ۳۶ برس

۱۵(ب) مٹابلی کی بغاوت (افریقہ)

۱۵(ج) افریقہ سے واپسی پر (سنہ ۱۸۹۶ء)

۱۵(د) سنہ ۱۹۰۳ء تا سنہ ۱۹۰۷ء

# ۱۴- لڈوگ بتھیون

(۱۷۷۰ء - ۱۸۲۸ء)

۱- عظیم موسیقار بیتھوون کہاں پیدا ہوئے؟

۲- ۱۷۹۲ء میں انہوں نے کس ملک میں قیام کیا؟

۳- انکی موسیقی کی کونکاکون سی تخلیقات مشہور ہیں؟

۴- انکی معاشی حالت تمام زندگی کیسی گزری؟

۵- ان کے موسیقی کے اسٹائل میں تبدیلی کتنے زمانوں پر مشتمل ہے؟

۶- ان کا کون سا نغمہ اور اسکی موسیقی سپر ہٹ ثابت ہوئی؟

۷- انہوں نے موسیقی کی ابتدائی تعلیم کس استاد سے حاصل کی؟

۸- کالوگ میں کس عہدے پر ان کا تقرر ہوا؟

۹- ۱۸۱۴ء میں انہوں نے کیا کارنامہ انجام دیا جبکہ وہ بہرے ہو چکے تھے؟

۱۰- انہوں نے آخری ایام میں کون سی دھنیں مرتب کیں؟

۱۱- ۱۸۲۲ء میں انہوں نے کس چیز کے انعقاد کی کوشش کی؟

۱۲- وہ کن دو شہرت یافتہ موسیقاروں سے بہت متاثر تھے؟

۱۳- ۱۷۸۷ء میں انہوں نے کس مشہور موسیقار سے درس موسیقی حاصل کیا؟

۱۴- مرنے سے قبل وہ کس حس سے محروم ہو گئے تھے؟

۱۵- بہرے پن کا مرض انہیں مرنے سے کتنے سال قبل لاحق ہوا تھا؟

# جوابات

۱۔ جرمنی

۲۔ وی آنا میں

۳۔ نوسمفنیاں، پانچ پیانو کے نغمے، آرکسٹرا کے ۲۱ راگ

۴۔ تمام زندگی مفلسی میں گزری

۵۔ تین

۶۔ کن سرٹوان "C" میجر....

۷۔ اپنے والد سے

۸۔ نائب میوزک کمپوزر

۹۔ انہوں نے اپنی آٹھویں دھن ترتیب دی

۱۰۔ ماس ان ڈی اور پیانو فورٹی سونٹیا

۱۱۔ آرکسٹرا کے انعقاد کی کوشش کی

۱۲۔ موزارٹ اور ہیڈنے سے

۱۳۔ موسیقار موزارٹ سے

۱۴۔ حس سماعت

۱۵۔ پانچ سال قبل

# ۱۵- جوہن باخ

(JOHANN BACH)

۱. شہرت یافتہ موسیقار جوہن باخ کا تعلق کس ملک سے تھا؟

۲. ۱۷۴۷ء میں کس بادشاہ نے آپکو بے پناہ خراج تحسین پیش کیا؟

۳. شہزادہ لیپولٹ کے دربار میں وہ کس عہدے پر فائز ہوئے؟

۴. آخری ایام میں ان کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟

۵. انہوں نے کون سے میوزک میں مشہور ترین مذہبی نغمات کی موسیقی ترتیب دی؟

۶. ان کے کل کتنے بچے تھے؟ اور کتنی شادیاں کی تھیں؟

۷. ان کے دور میں انہیں کون سا خطاب دیا گیا؟

۸. ان کی موسیقی کو کس چیز کی علامت قرار دیا گیا؟

۹. انہوں نے موسیقی کی ابتدائی تعلیم کس سے حاصل کی؟

۱۰. ۱۷۲۳ء میں "لیپزگ" میں سینٹ تھامس چرچ میں وہ کس عہدے پر فائز ہوئے؟

۱۱. انکی زندگی کا بیشتر حصہ کہاں گزرا؟

۱۲. انہوں نے میوزک کمپوز کرنے کے علاوہ موسیقی کی کیا خدمات انجام دی؟

۱۳. انہوں نے پہلی شادی کس سے کی؟

۱۴. موسیقی کے کس مخصوص آلے کو بجانے میں انہیں خصوصی مہارت حاصل تھی؟

۱۵. وہ بادشاہ کے ذاتی آرکسٹرا میں کون سا آلۂ موسیقی بجایا کرتے تھے؟

# جوابات

۱۔ جرمنی

۲۔ کنگ فریڈرک نے

۳۔ میوزک ڈائریکٹر کے عہدے پر

۴۔ وہ مکمل نابینا ہو گئے تھے

۵۔ ماس ان "B" مائنر سینٹ میتھیو پیشن

۶۔ ۲۰ بچے اور ۲ بیویاں

۷۔ استاذ الاساتذہ

۸۔ مذہبی موسیقی کی علامت

۹۔ اپنے بھائی اور والد سے

۱۰۔ ایکنیٹر آف چرچ کے عہدے پر

۱۱۔ جرمنی کے شاہی دربار میں

۱۲۔ میوزک کے آلات پر کتاب لکھی

۱۳۔ ماریا باربرا سے

۱۴۔ آرگن

۱۵۔ وائلن

# ۱۶۔ بھگت سنگھ

۱۔ برصغیر پاک وہند کی جدوجہد آزادی کا ہیرو بھگت سنگھ کہاں پیدا ہوا؟

۲۔ ۱۹۲۷ء میں انہیں کس کیس کے سلسلہ میں گرفتار کیا گیا؟

۳۔ کاماگاٹا جہاز والے اجیت سنگھ ان کے کون تھے؟

۴۔ دسہرہ بم کیس کے سلسلہ میں انہیں گرفتار کر کے کہاں رکھا گیا؟

۵۔ اسکول چھوڑنے کے بعد انہوں نے کس کالج میں تعلیم حاصل کی؟

۶۔ کن دو واقعات سے متاثر ہو کر وہ انقلاب پسندوں میں شامل ہو گئے تھے؟

۷۔ کس شہر میں مرکزی اسمبلی کے اجلاس کے دوران بھگت سنگھ نے اسمبلی ہال میں بم پھینکا؟

۸۔ وہ کہاں پیدا ہوئے؟

۹۔ ان کا انتقال کس طرح ہوا؟

۱۰۔ انہوں نے کس اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس کو گولی مار کر ہلاک کر دیا تھا؟

۱۱۔ فیروزپور کے قریب کس دریا کے کنارے ان کی لاش جلا دی گئی تھی؟

۱۲۔ ۲۳ مارچ ۱۹۲۳ء کو انکی زندگی میں کیا حادثہ پیش آیا؟

۱۳۔ خان بہادر شیخ عبدالعزیز نے انہیں کہاں سے گرفتار کیا؟

۱۴۔ ان کا مقدمہ کتنے سال چلتا رہا؟

۱۵۔ بھگت سنگھ کے مقدمہ کی سماعت کہاں ہوئی؟

۱۵ (ا) انکی جانب سے کون سا سینئر وکیل مقرر کیا گیا؟

# جوابات

۱۔ موضع بنگہ

۲۔ دسہرہ بم کیس

۳۔ چچا

۴۔ شاہی قلعہ لاہور

۵۔ نیشنل کالج

۶۔ جلیانوالہ باغ امرتسر اور تحریکِ عدم تعاون

۷۔ دہلی

۸۔ ضلع لائلپور

۹۔ انہیں پھانسی دی گئی

۱۰۔ مسٹر سانڈرس

۱۱۔ دریائے ستلج

۱۲۔ پھانسی دی گئی

۱۳۔ کشمیر بلڈنگ لاہور

۱۴۔ تین سال

۱۵۔ لاہور کے سینٹرل جیل میں

۱۵ (ا) لالہ امرداس

# ۱۷۔ بنگ کراس بے

۱۔ عالمی شہرت یافتہ گلوکار بنگ کراس بے کہاں پیدا ہوئے تھے؟
۲۔ وہ کس امریکی صدر کے عہد میں بہت مقبول تھے؟
۳۔ انہیں پہلی دفعہ کب گانے کا موقع ملا؟
۴۔ گاف کے کس مشہور کھلاڑی کا کہنا تھا کہ "سنجیدگی سے کھیل کر بنگ کراس بے، دوسرا یو بی جونز بن سکتا ہے"؟
۵۔ وہ نیویارک کے کس تھیٹر میں اسٹیج پر دن بھر میں پانچ پروگرام کیا کرتے تھے؟
۶۔ گاف کھیلنے کے علاوہ انہیں کس کھیل سے زیادہ لگاؤ تھا؟
۷۔ نیویارک کے بین الاقوامی میلے میں شرط جیتنے کے لئے انہوں نے کتنی بلندی سے چھلانگ لگائی تھی؟
۸۔ انہوں نے کتنی فلموں میں اداکاری کی؟
۹۔ ان کے گلے کے غدودوں کا کتنے ہزار اسٹرلنگ پونڈ میں بیمہ تھا؟
۱۰۔ نغمہ نگار کی حیثیت سے انکی عظیم کامیابی کا راز کیا تھا؟
۱۱۔ انہوں نے کس قدر دولت کمائی؟
۱۲۔ انکی بیوی کا نام کیا تھا؟
۱۳۔ یونیورسٹی آف گلے تھارپ کے کس پروفیسر نے وقت کے گنبد میں دوسری اشیاء کے ہمراہ ان کا ایک مشہور ترین ریکارڈ رکھا تھا؟
۱۴۔ دوسری جنگ عظیم میں ان کو سپاہیوں کے حوصلے بلند کرنے کے لئے گانے سنانے کی غرض سے کسی امریکی جنرل نے طلب کیا تھا؟
۱۵۔ بنگ کراس بے کی کون سی عادت انکی شخصی شناخت بن گئی تھی؟

# جوابات

۱۔ امریکہ

۲۔ روزویلٹ کے عہد میں

۳۔ ۱۹۳۱ء میں

۴۔ جین سیرازن

۵۔ پیراماؤنٹ تھیٹر کے اسٹیج پر

۶۔ تیراکی سے

۷۔ ۵۰ فٹ کی بلندی سے

۸۔ تیس فلموں میں

۹۔ ۲۰ ہزار اسٹرلنگ پاؤنڈ

۱۰۔ طرزِ گفتگو میں مہارت و شائستگی

۱۱۔ ڈیڑھ لاکھ پونڈ

۱۲۔ ڈکسی لی

۱۳۔ پروفیسر تھارن ویل جیکب نے

۱۴۔ میک آرتھر نے

۱۵۔ چیونگم چبانے کی عادت

# ۱۸- لیونیر برسٹین

۱۔ مشہور موسیقار لیونیر برسٹین کا تعلق کس ملک سے تھا؟

۲۔ انہوں نے کتنی عمر میں میوزک کمپوز کرنا شروع کیا؟

۳۔ انہوں نے ٹی وی کے کس پروگرام میں موسیقی کے لیکچرز کا سلسلہ شروع کیا؟

۴۔ امریکن لائبریری ایسوسی ایشن نے ۱۹۵۹ء میں ان کی کتاب کو کیا اعزاز دیا؟

۵۔ ان کی دوسری مشہور کتاب کب شائع ہوئی؟

۶۔ ۱۹۳۹ء میں انہیں کس یونیورسٹی کی طرف سے ڈگری حاصل ہوئی؟

۷۔ ۱۹۵۹ء میں انہوں نے علم موسیقی پر کیا کام انجام دیا؟

۸۔ نیویارک میں انہیں میوزک ڈائریکٹر نے کس کام پر ملازم رکھا؟

۹۔ انہوں نے میوزک سینٹر میں آرکسٹرا کے قائد کے فرائض سرانجام دیئے۔ سینٹر کا نام بتائیے؟

۱۰۔ کس یونیورسٹی میں آپ موسیقی کے پروفیسر رہے؟

۱۱۔ ۱۹۳۵ء میں ابتدائی تعلیم کس اسکول سے مکمل کی؟

۱۲۔ وہ امریکہ کے کس شہر میں پیدا ہوئے؟

۱۳۔ انہوں نے دو سال تک کس آرکسٹرا سے تعلیم حاصل کی؟

۱۴۔ انہوں نے دنیا کے کن ممالک کا سفر کیا؟

۱۵۔ ان کی کتاب جوائے آف میوزک کی تعداد اشاعت کتنی تھی؟

# جوابات

۱۔ امریکہ

۲۔ ۲۵ سال کی

۳۔ اومنی بس

۴۔ منتخب کتاب قرار دیا

۵۔ سنہ ۱۹۶۲ء میں

۶۔ ہارورڈ یونیورسٹی میں سے

۷۔ انہوں نے کتاب "جوائے آف میوزک" تصنیف کی

۸۔ آرکسٹرا کی ملازمت کے لئے

۹۔ برکشائر میوزک سینٹر

۱۰۔ برینڈیس یونیورسٹی میں

کوسٹین لیئن اسکول

۱۲۔ لارنس میں

۱۳۔ رینر کے آرکسٹرا سے

۱۴۔ روس، جرمنی، فرانس

۱۵۔ ایک لاکھ

# ۱۹۔ آئزمبرڈ کنگڈم برونل

(۱۸۰۶ء ۔ ۱۸۵۹ء)

۱۔ مشہور آرکٹیکٹ برونل کہاں پیدا ہوئے تھے؟

۲۔ انہوں نے کون سا مشہور پل تعمیر کیا تھا؟

۳۔ انہوں نے اپنے والد کی زیرِ نگرانی کس دریا میں سرنگ بنائی تھی؟

۴۔ بحری ذرائع آمد و رفت کے لئے انہوں نے کیا اعلیٰ کارنامہ انجام دیا؟

۵۔ ان کے ایک جہاز نے تقریباً کتنے عرصہ کام کیا؟

۶۔ انہوں نے کریمیا کی جنگ میں کیا چیز ڈیزائن کی تھی؟

۷۔ وہ کس محکمہ میں چیف انجینئر تھے؟

۸۔ ۱۸۵۱ء میں کرسٹل پیلیس بلڈنگ میں کس چیز کا انعقاد ہوا تھا؟

۹۔ برسٹل میں انہوں نے کونسا اسٹیشن تعمیر کیا تھا؟

۱۰۔ انہوں نے دو مشہور مینار کس عمارت کے لئے تعمیر کئے؟

۱۱۔ انہوں نے ریلوے میں کونسی اہم ترین چیز ایجاد کی؟

۱۲۔ گرویٹ ویسٹرن ریلوے کا دائرہ کار کہاں تک تھا؟

۱۳۔ انہوں نے دریائے ٹیمز پر کونسا شہرت یافتہ پل تعمیر کیا تھا؟

۱۴۔ انہوں نے کونسا شہرت یافتہ اسٹیشن تعمیر کیا تھا؟

۱۵۔ انہوں نے ریلوے کی انتظامیہ اور عملے کے افراد کے لئے کیا خدمت انجام دی؟

# جوابات

۱۔ انگلستان

۲۔ میڈن ہیڈ برج (MAIDEN HEAD BRIDGE)

۳۔ دریائے ٹیمز

۴۔ تین جہاز بنائے : گریٹ برٹین، گریٹ ویسٹرن، گریٹ ایسٹرن

۵۔ ۴۰ سال تک

۶۔ ہسپتال تعمیر کیا

۷۔ گریٹ ویسٹرن ریلوے میں

۸۔ نمائش کا انعقاد ہوا

۹۔ ٹیمپل میڈ اسٹیشن

۱۰۔ کرسٹل پیلس بلڈنگ کے لئے

۱۱۔ ریلوے تار برقی ۔ (RAILWAY TELEGRAPH)

۱۲۔ برسٹل سے لندن اور جنوبی ملک تک

۱۳۔ سالٹش برج (SALTASH BRIDGE)

۱۴۔ پیڈنگٹن اسٹیشن

۱۵۔ چارمنگ ہاؤسنگ اسٹیٹ تعمیر کی ۔

# ۲۰۔ فرینک بورمین

(پ ۱۹۲۸ء)

۱۔ امریکی خلا باز فرینک بورمین کہاں پیدا ہوئے؟

۲۔ نیلسن کے مقام پران کے ساتھ کیا حادثہ پیش آیا؟

۳۔ ۱۹۶۰ء میں انہیں کس حیثیت سے منتخب کیا گیا؟

۴۔ علاج کے لئے وہ کون سے ملک گئے تھے؟

۵۔ وہ کس حیثیت سے کوریا جانا چاہتے تھے؟

۶۔ ایری زونا میں کس چیز کی تربیت انہوں نے حاصل کی تھی؟

۷۔ لڑکپن میں فرینک بورمین کو کس چیز کا شوق تھا؟

۸۔ ۱۹۶۲ء میں انہیں کس حیثیت سے چنا گیا؟

۹۔ خلا بازوں کے تربیتی پروگرام میں شمولیت کے بعد انہیں کس قسم کی تربیت دی گئی؟

۱۰۔ ۱۹۵۰ء میں انہوں نے ویسٹ پائنٹ (نیویارک) کی امریکی فوجی اکیڈمی سے کس چیز کی ڈگری حاصل کی؟

۱۱۔ فرینک بورمین کس سنہ میں ہائی اسکول سے فارغ التحصیل ہوئے؟

۱۲۔ فرینک بورمین کس تربیتی جیٹ طیارے کی آزمائشی پرواز کی اجازت حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے؟

۱۳۔ اس تعلیمی ادارے کا نام بتائیے جس سے انہوں نے ایم ایس سی کی سند حاصل کی؟

۱۴۔ انہوں نے ۱۹۵۷ء میں ایم ایس سی کی سند کس خاص شعبے میں حاصل کی؟

۱۵۔ انہیں بعد میں مسافر طیارہ اڑانے سے کیوں منع کر دیا گیا؟

# جوابات

۱۔ ۱۴ر مارچ ۱۹۲۸ء کو گیری (انڈیانا) میں

۲۔ ایک لڑاکا جیٹ سے غوطہ مار کر بم پھینکنے کی مشق کر رہے تھے کہ ان کے کان کا پردہ پھٹ گیا

۳۔ خلاباز کی حیثیت سے انسٹرکٹر

۴۔ منیلا (فلپائن)

۵۔ ایئر کنٹرولر

۶۔ پائیلٹ

۷۔ ہوابازی

۸۔ خلائی پرواز کی تربیت دینے کے لئے

۹۔ راکٹوں کے ڈیزائن اور دورانِ پرواز خرابی پیدا ہو جانے کی تربیت

۱۰۔ بی ایس سی

۱۱۔ ۱۹۴۶ء

۱۲۔ ٹی ۳۳

۱۳۔ انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کیلیفورنیا

۱۴۔ ایرو ناٹیکل انجینیرنگ

۱۵۔ کان کا پردہ پھٹ جانے کے باعث

# ۲۱- ڈائمنڈ جم براڈوے

۱۔ دنیا کے مشہور دولت مند جم براڈوے کو اس کے دوست کس مسلمان بادشاہ سے مماثلت دیتے تھے؟

۲۔ انہوں نے اپنے آپ کو مشہور کرنے کے لئے کونسا انوکھا طریقہ ایجاد کیا؟

۳۔ انہوں نے اپنی زندگی میں لاکھوں روپے کس طرح کمائے؟

۴۔ ان کا وزن کتنا تھا؟

۵۔ انہیں کونسا پھل بے حد پسند تھا؟

۶۔ وہ امریکہ کے کس شہر میں پیدا ہوئے؟

۷۔ انہوں نے کس اداکارہ کو ایک سائیکل بطور تحفہ دی جس کے پہیئے سونے کے تھے؟

۸۔ انہوں نے اپنے مرنے سے پہلے اپنی تمام دولت کا کیا کیا؟

۹۔ کس شہر میں ان کا ڈیری فارم تھا جہاں دعوتوں وغیرہ کے موقع پر سونے کے برتنوں میں بھینسوں اور گایوں کا دودھ دوہا جاتا تھا؟

۱۰۔ ان کے پاس رومالوں کی تعداد کتنی تھی جن کا اسے بیحد شوق تھا؟

۱۱۔ وہ اپنے مہمانوں کو تحفتاً کیا دے کر رخصت کرتے تھے؟

۱۲۔ نیویارک میں وہ اپنے دوستوں کی جو دعوتیں کرتے تھے وہ عموماً کتنے گھنٹے جاری رہتی تھیں؟

۱۳۔ ان کی موت کے وقت ان کے پاس کتنی رقم تھی؟

۱۴۔ انہوں نے کس اداکارہ سے شادی کی درخواست کی تھی لیکن اس نے انکار کر دیا؟

۱۵۔ عموماً انکے لباس پر کتنے ہیرے جڑے ہوتے تھے؟

۱۵ (ا) وہ اپنے دوستوں کی ضیافتوں پر کتنا خرچ کرتے تھے؟

# جوابات

۱۔ ہارون رشید سے
۲۔ ہیرے جواہرات سے لیس رہنا
۳۔ ریل کے لوہے کے ڈبے فروخت کرنے سے
۴۔ تین سو پاؤنڈ
۵۔ مالٹوں کارس
۶۔ نیویارک
۷۔ للین رسل
۸۔ خیرات کردی
۹۔ نیوجرسی
۱۰۔ پانچ ہزار سے زائد
۱۱۔ طلائی گھڑیاں اور جواہرات
۱۲۔ سترہ گھنٹے
۱۳۔ چالیس ہزار پونڈ
۱۴۔ للین رسل
۱۵۔ اڑھائی سو سے زائد
۱۶۔ دس بیس ہزار پونڈ

# ۲۲۔ باسل زاروفؒ

۱۔ دنیا کی سب سے پہلی آبدوز کشتی کے خالق باسل زاروف نے کس شعبہ سے بے پناہ دولت کمائی ؟

۲۔ انہوں نے کتنے برس کی عمر میں اسلحہ کی فروخت کا کام شروع کیا ؟

۳۔ انہوں نے کن دو ممالک میں خوف و ہراس پیدا کر کے بے تحاشا اسلحہ فروخت کیا ؟

۴۔ دنیا کی سب سے پہلی آبدوز کشتی کس ملک نے زاروف سے خریدی ؟

۵۔ ان کی پیدائش کس ملک میں ہوئی ؟

۶۔ انہوں نے کتنے برس کی عمر میں شادی کی ؟

۷۔ انہوں نے شاہِ انگلستان کی طرف سے کونسا خطاب حاصل کیا ؟

۸۔ انکی ڈائری کتنی جلدوں پر مشتمل تھی ؟

۹۔ انہوں نے کس شہر کے چڑیا گھر کی دیکھ بھال میں حصہ لیا اور مالی مدد بھی کی ؟

۱۰۔ ۱۹۲۴ء کی ان کی زندگی میں کیا اہمیت ہے ؟

۱۱۔ شادی کے وقت انکی بیوی کی عمر کیا تھی ؟

۱۲۔ انہیں اپنی بیوی کی رفاقت کتنے مہینے حاصل رہی ؟

۱۳۔ وہ گرمیاں کس ملک میں گزارا کرتے تھے ؟

۱۴۔ کتنے برس تک وہ یورپ کے جنگی دفتروں کا طواف کرتے رہے ؟

۱۵۔ جب وہ اپنے رازدارانہ مشن پر ہوتے تو وہ کن دو جگہوں پر اپنی موجودگی کی خبر چھپواتے ؟

۱۵ (ا) انکی بیوی کتنے برس تک انکی محبوبہ رہی تھی ؟

# جوابات

۱۔ اسلحہ کی فروخت سے

۲۔ اٹھائیس برس

۳۔ ترکی و یونان

۴۔ یونان

۵۔ ترکی

۶۔ ستر سال

۷۔ نائٹ

۸۔ ۵۳ جلدیں

۹۔ پیرس

۱۰۔ شادی ہوئی

۱۱۔ پینسٹھ سال

۱۲۔ صرف اٹھارہ ماہ

۱۳۔ فرانس

۱۴۔ پچاس برس تک

۱۵۔ برلن اور مانٹی کارلو

۱۵(ا) ۴۸ برس

# ۲۳۔ بارنچ برنارڈ

۱۔ دنیا کا ذہین ترین صنعت کار بارنچ برنارڈ نیویارک کے کس کالج میں پڑھتے تھے؟

۲۔ امریکہ کے کس صدر نے انکی تجارتی ذہانت سے مرعوب ہو کر اتنی بڑی تجارتی ذمہ دار
انکے سپرد کردی تھی جو اس سے پہلے امریکی تاریخ میں کسی کو نہ سونپی گئی تھی؟

۳۔ کس کھیل کے دوران وہ بلّا لگنے سے عمر بھر کے لئے بہرے ہو گئے تھے؟

۴۔ وہ ویسٹ پوائنٹ میں کیوں نہ داخل ہو سکے جبکہ انہوں نے اس سلسلہ کا امتحا
پاس کر لیا تھا؟

۵۔ وہ کس کان سے بہرے تھے؟

۶۔ کس جنگ کے دوران ساری امریکی صنعت کی باگ ڈور انکے ہاتھ میں تھی؟

۷۔ صدر ولسن جب ۱۹۱۹ء میں معاہدۂ امن پر دستخط کرنے یورپ گئے تو بارنچ برنارڈ ک
حیثیت سے ان کے ساتھ تھے؟

۸۔ برنارڈ کے سر کی نبض دیکھ کر ایک نجومی نے مستقبل میں انکے کیا بننے کی پیش گوئی ک

۹۔ اپنی والدہ کی خوشی کی خاطر شیشے کا سامان بنانیوالی فیکٹری میں کس ہفتہ وار تنخواہ پر

۱۰۔ وہ امریکہ کے کتنے صدور کے مشیر تھے؟

۱۱۔ انہوں نے امریکہ کی فوج کو بارود بنانے اور مشینری خریدنے کیلئے کتنی رقم دی؟

۱۲۔ انہیں امریکی صدور کس لقب سے یاد کرتے تھے؟

۱۳۔ انہوں نے ۱۹۱۸ء میں کس شہر میں فلو کی خطرناک وبا پھیلنے پر اپنے خرچ پر ہسپتال بنا

۱۴۔ پہلی جنگ عظیم کے دوران انہوں نے امریکی حکومت کو جنگی ضروریات کیلئے کتنی رقم دی

۱۵۔ دوسری جنگ عظیم میں ہزاروں بیروزگار مزدوروں کو ان کے گھروں کو پہنچانے کیلئے اس
کتنی پونڈ رقم بطور کرایہ دیا؟

(۱) ٹامس فارچون نے ییگٹ اینڈ میسٹر تمباکو خریدنے کیلئے برنارڈ بازح کو کسقدر سرمایہ فراہم کیا ؟

## جوابات

۱۔ سٹی کالج
۲۔ ووڈ رو ولسن
۳۔ بیس بال
۴۔ بہرہ پن کی وجہ سے
۵۔ بائیں کان
۶۔ پہلی جنگ عظیم
۷۔ مشیر
۸۔ تاجر
۹۔ پندرہ شلنگ
۱۰۔ پانچ
۱۱۔ چھ لاکھ پونڈ
۱۲۔ ڈاکٹر حقائق
۱۳۔ واشنگٹن
۱۴۔ سترہ ہزار پونڈ
۱۵۔ دس ہزار پونڈ
۱۵(۱) چھبیس ہزار پونڈ

# ۲۴۔ پی۔ ٹی۔ بارنم

(سنہ ۱۸۱۰ء۔ سنہ ۱۸۹۱ء)

۱۔ دنیا کے مشہور شومین پی ٹی بارنم کہاں کے رہنے والے تھے؟

۲۔ وہ اپنے آپ کو کس نام سے پکارے جانے پر فخر محسوس کرتے تھے؟

۳۔ انہوں نے دنیا کا پہلا سرکس کس عمر میں قائم کیا؟

۴۔ انہوں نے کونسی کتاب تحریر کی؟

۵۔ ان کے قائم کردہ پہلے سرکس کا نام کیا تھا؟

۶۔ سرکس کے ذریعہ کتنی رقم کمائی؟

۷۔ انہوں نے گنجے سر پر دوبارہ بال اگانے کے لئے جو مرکب تیار کیا اس پر کتنی لاگت آئی تھی؟

۸۔ بارنم نے کس مشہور مذہبی کتاب کے نسخے فروخت کرنے کی کوشش میں ایک ایجنٹ سے د
کھایا تھا؟

۹۔ انہوں نے سنہ ۱۸۴۲ء میں امریکہ کے کس شہر میں عجائب گھر خریدا؟

۱۰۔ اپنا سارا اثاثہ کھونے کے بعد آپنے جو تقریر لکھی وہ کس نام سے جانی جاتی تھی؟

۱۱۔ وہ اس تقریر کے ذریعے ایک رات میں کتنے پونڈ کماتے رہے؟

۱۲۔ "روپیہ کیسے کمایا جائے" کے عنوان سے جو تقریر انہوں نے لکھی وہ انہوں نے کن دو مشہ
یونیورسٹیوں میں بھی کی؟

۱۳۔ بارنم نے انگلینڈ میں کس مشہور شاعر کے مکان کو توڑ کر امریکہ لیجا کر برا ڈوے میں نمائ
کرنے کا اعلان کیا تھا؟

۱۴۔ برج پورٹ میں اپنے ملاقاتیوں کی اطلاع کیلئے کہ وہ گھر پر ہیں یا نہیں کونسی نشانی
نصب کروائی تھی؟

۱۵۔ انہوں نے اپنے عجائب گھر کی پبلسٹی کے لئے کون سے جانور کو استعمال کیا؟

۱۵ (ا) انہوں نے اپنی سوانح حیات کس سنہ میں لکھی؟

۱۵ (ب) وہ اپنی سوانح حیات میں کتنے عرصہ تک اضافہ کرتے رہے؟

۱۵ (ج) انہوں نے اپنی سوانح حیات کی کتنی جلدیں چار پنس فی جلد کے حساب سے خریدیں اور چار شلنگ فی جلد کے حساب سے فروخت کیں؟

۱۵ (د) کس اخبار نے انکے مرنے سے پہلے انکی موت کی خبر چار کالمی سرخی سے شائع کی تھی؟

## جوابات

۱۔ امریکہ کا

۲۔ بکواس کا شہزادہ

۳۔ ساٹھ سال کی عمر میں

۴۔ دنیا بھر کی بکواس

۵۔ بارنم اینڈ بیلی سرکس

۶۔ ۸۰ لاکھ پونڈ

۷۔ پانچ ہزار پونڈ

۸۔ بائیبل

۹۔ نیویارک میں

۱۰۔ روپیہ کیسے کمایا جائے

۱۱۔ دو سو پونڈ

۱۲۔ آکسفورڈ اور کیمبرج

۱۳۔ شیکسپیئر کے مکان کو

۱۴۔ ایک جھنڈا

۱۵۔ ہاتھی کو

۱۵ (ا) ۱۸۵۵ء

۱۵ (ب) ۳۵ برس

۱۵ (ج) ایک لاکھ جلدیں

۱۵ (د) "ایوننگ اسٹار" نے

# ۲۵۔ جارج برکلے

(۱۲؍ مارچ ۱۶۸۵ء۔ ۱۷۵۳ء)

۱۔ مشہور مفکر بارکلے نے برمودا میں کتنے عرصے تک مسیحیت کی تبلیغ کی تھی؟

۲۔ وہ کہاں پیدا ہوئے؟

۳۔ گیارہ سو پونڈ سالانہ کی کونسی نوکری پر بارکلے نے شمالی امریکہ کے جنگلی قبائل میں عیسائیت کی تبلیغ کو ترجیح دی تھی؟

۴۔ کس اخبار میں برکلے نے مستقل مضمون نگاری کی؟

۵۔ کس ریاست کے ارل (EARL) کے بارکلے سیکریٹری رہے؟

۶۔ یورپ کی سیاحت کے دوران بارکلے کی ملاقات کس مشہور فلسفی سے ہوئی؟

۷۔ وہ کس علاقے کے بشپ رہے؟

۸۔ ۲۵ برس کی عمر میں بارکلے نے اپنی کونسی مشہور سائنسی کتاب شائع کی؟

۹۔ مابعد الطبعیات پر لکھی گئی بارکلے کی کتاب کا نام بتائیے؟

۱۰۔ بارکلے نے کس مشہور مفکر کے تصورات کو وسیع تر حدود میں استعمال کیا تھا؟

۱۱۔ مادّہ کے متعلق ان کا تصور کیا ہے؟

۱۲۔ شمالی امریکہ کے کن جزائر میں بارکلے نے عیسائیت کی تبلیغ کی تھی؟

۱۳۔ برکلے نے کس شہر میں تعلیم حاصل کی؟

۱۴۔ کس علاقے میں انہوں نے مسیحیت کی تبلیغ کا مدرسہ قائم کیا؟

۱۵۔ وہ کس عمر میں بشپ مقرر ہوئے تھے؟

# جوابات

۱۔ تین سال تک

۲۔ کلکرین

۳۔ ڈیری کے ڈین (DEAN) کی نوکری پر

۴۔ گارڈین

۵۔ پیٹربرگ کی ریاست کے

۶۔ میلا برانشش

۷۔ کلائن (CLOYNE)

۸۔ THEORY OF VISION

۹۔ اصول فہم انسانی

۱۰۔ جان لاک

۱۱۔ مادّہ ذہن سے خارج کوئی شے نہیں جب تک کہ ہمارے احساسات ان کا ادراک نہ کریں

۱۲۔ رہوڈ (RHODE) کے جزائر

۱۳۔ ڈبلن میں

۱۴۔ برمودا میں

۱۵۔ ۴۹ سال کی عمر میں

# ۲۶۔ پبلو پکاسو

(PABILO PICASSO)

(۱۸۸۱ء - ۱۹۷۳ء)

۱۔ بین الاقوامی شہرت یافتہ مصور پکاسو کا مقام پیدائش کونسا تھا؟

۲۔ ۱۹۰۱ء میں انہوں نے اپنے کس دور کی تصاویر کا آغاز کیا اور کس مقام پر؟

۳۔ مصوری میں ان کا نیلا دور کیوں شہرت اور مقبولیت سے دوچار ہوا؟

۴۔ دو سال تک انہوں نے کس چیز کی عمیق اسٹڈی کی؟

۵۔ پکاسو سیاسی اعتبار سے کس نظریے کا پرجوش حامی تھے؟

۶۔ ان کے والد بارسلونا (اسپین) میں کس جگہ پروفیسر تھے؟

۷۔ ۱۹۰۹ء میں انکی تصاویر میں کس قسم کی تبدیلی رونما ہوئی؟

۸۔ انکی پہلی نمائش کس یورپی شہر میں منعقد ہوئی؟

۹۔ انہوں نے اپنے دور کے مشہور مصور کے ساتھ مل کر کام کیا؟

۱۰۔ انکی پہلی نمائش کس عمر میں منعقد ہوئی؟

۱۱۔ ۱۹۰۷ء میں انہوں نے کونسی عظیم پینٹنگ مکمل کی؟

۱۲۔ پکاسو کے مقبول نیلے دور کے بعد کونسے رنگ کا دور شروع ہوا؟

۱۳۔ ۱۸۹۶ء میں انہوں نے اپنی مصوری کی ابتدائی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

۱۴۔ ویلارس کو انکی زندگی میں کیا اہمیت حاصل ہے؟

۱۵۔ ۱۹۲۰ء میں انکے فن میں ایک اور بڑی تبدیلی کونسا رونما ہوئی؟

۱۵ (ا) جنگ عظیم دوئم کے تمام عرصے میں وہ کس ملک میں مقیم رہے؟

۱۵ (ب) انہوں نے کمیونسٹ پارٹی میں کب شمولیت اختیار کی؟

۱۵ (ج) ۱۹۵۸ء میں انکی مشہور ترین تصویر کتنے ہزار پونڈ میں بکی؟

۱۵ (د) انکی پہلی مشہور تصویر کا نام کیا ہے؟

## جوابات

۱۔ مالاگا (اسپین)

۲۔ نیلے دور کی تصاویر کا، پیرس

۳۔ انہوں نے تمام تصاویر نیلے رنگ میں مکمل کیں

۴۔ افریقی حبشیوں کی قدیم مصوری اور سنگتراشی کی۔

۵۔ اشتراکیت کا

۶۔ اکیڈمی آف آرٹ

۷۔

۸۔ بارسلونا

۹۔ جارج برک

۱۰۔ سولہ سال کی عمر میں

۱۱۔ ڈومو سیلیتنر ڈی ایبوگین

۱۲۔ گلابی دور

۱۳۔ اکیڈمی آف آرٹ (بارسلونا)

۱۴۔ ویلارس میں کوزہ گری کا بہت بڑا اسٹوڈیو بنایا

۱۵۔ تجریدی آرٹ اور کوزہ گری

۱۵۔ (ا) فرانس

۱۵ (ب) جنگِ عظیم دوم کے بعد

۱۵ (ج) — ۵۵ ہزار پونڈ میں

۱۵ (د) لا بیلیے ہولینڈس

# پیریز ڈی کوئیار

(پ۔ ۱۹ر جنوری سنہ ۱۹۲۰ء)

۱۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل ژاویئر پیریز ڈی کوئیار کا تعلق کس ملک سے ہے؟
۲۔ انہوں نے کس یونیورسٹی میں تعلیم پائی؟
۳۔ سنہ ۱۹۴۰ء کی انکی زندگی میں کیا اہمیت ہے؟
۴۔ وہ سنہ ۱۹۶۹ء سے سنہ ۱۹۷۱ء تک کن ممالک میں بیک وقت سفیر رہے تھے؟
۵۔ انہوں نے کتنی شادیاں کیں؟
۶۔ وہ کن دو تعلیمی اداروں میں سفارتی قانون اور بین الاقوامی تعلقات کے پروفیسر رہ چکے ہیں؟
۷۔ انکی کتاب کا نام بتایئے جو سنہ ۱۹۶۴ء میں شائع ہوئی تھی؟
۸۔ سفارتی ملازمت کا آغاز انہوں نے کب کیا؟
۹۔ ڈی کوئیار کا تقرر بحیثیت مستقل نمائندہ اقوام متحدہ میں کب کیا گیا؟
۱۰۔ انہوں نے اقوام متحدہ کے کس تاریخی اجلاس میں بحیثیت مندوب شرکت کی تھی؟
۱۱۔ وہ سفارتی زندگی کے آغاز میں کن ممالک میں سیکریٹری سفارت خانہ کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں؟
۱۲۔ ڈی کوئیار کتنا عرصہ قبرص میں اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کے خصوصی نمائندے کی حیثیت تعینات رہے؟
۱۳۔ انہیں کس سنہ میں ایک سال کی رکنیت کے بعد سلامتی کونسل کا صدر چنا گیا؟
۱۴۔ وہ سنہ ۱۹۶۴ء سے سنہ ۱۹۶۶ء تک کس ملک میں سفیر رہے؟
۱۵۔ وہ سنہ ۱۹۸۲ء میں سیکریٹری جنرل منتخب ہونے سے قبل کتنا عرصہ تک انڈر سیکریٹری جنرل (برائے خصوصی سیاسی امور) رہ چکے تھے؟

# جوابات

۱۔ پیرو سے
۲۔ کیتھولک یونیورسٹی لیما (پیرو)
۳۔ اسی سال انہوں نے وزارتِ خارجہ میں شمولیت اختیار کی
۴۔ پولینڈ اور روس
۵۔ دو
۶۔ اکیڈمی ڈپلومیٹیکا ڈیل پیرو، اور اکیڈمی ڈی گیورا ایریا ڈیل پیرو
۷۔ مینیویل ڈی ڈیریکو ڈپلومٹیکو
۸۔ سنہ ۱۹۶۴ء سے
۹۔ سنہ ۱۹۷۱ء میں
۱۰۔ جنرل اسمبلی کے پہلے اجلاس (سنہ ۱۹۴۶ء) میں
۱۱۔ فرانس، برطانیہ، بولیویا اور برازیل میں
۱۲۔ دو سال
۱۳۔ سنہ ۱۹۷۴ء میں
۱۴۔ سوئٹزرلینڈ
۱۵۔ دو سال تک

# ۲۸۔ سرجی پروکوفیف
(SERGEI PROKOFIEFF)

۱۔ مشہور موسیقار سرجی پروکوفیف کا تعلق کس ملک سے تھا؟

۲۔ انہوں نے موسیقی کے ابتدائی درس کس استاد سے حاصل کئے؟

۳۔ انہوں نے روس کو چھوڑکر کہاں کا سفر کیا تھا؟

۴۔ سات سال کی عمر میں انہوں نے کیا تصنیف کیا؟

۵۔ انہوں نے روس میں کونسا شہرۂ آفاق نغمہ اور موسیقی ترتیب دی؟

۶۔ اپنی خود ساختہ جلا وطنی کے بعد وہ روس کب واپس آئے؟

۷۔ دس سال کی عمر میں انہوں نے کس کے ماتحت موسیقی کی تربیت حاصل کی؟

۸۔ گارڈ ننگ بیس انہوں نے کس عمر کے طبقے کے لئے لکھی اور اسکی موسیقی ترتیب دی؟

۹۔ وہ کس لئے اپنے ملک روس کو چھوڑکر چلے گئے تھے؟

۱۰۔ انہوں نے کونسی شہرت یافتہ موسیقی نما اسٹوری ترتیب دی؟

۱۱۔ انہوں نے موسیقی کی مزید ترتیب اور مہارت کہاں حاصل کی؟

۱۲۔ ان کا بہترین موسیقی کا شاہکار کونسا تھا؟

۱۳۔ سنہ ۱۹۲۱ کے اوپیرا ہاؤس واشنگٹن میں انہوں نے کیا بین الاقوامی شہرت یافتہ نغمہ ترتیب دیا؟

۱۴۔ انہیں فن موسیقی کے علاوہ کس کھیل میں گہری دلچسپی تھی؟

۱۵۔ وہ خطوط پر دستخط کے دوران کیا تبدیلی اپنے نام میں کیا کرتے تھے؟

# جوابات

۱. روس

۲. اپنی والدہ سے پانچ سال کی عمر میں

۳. یورپ، جاپان، امریکہ وغیرہ

۴. انہوں نے "اوپیرا دی جائنٹ" تحریر کیا

۵. رومیو جولیٹ

۶. ۱۹۳۴ء میں

۷. ٹے نی یف اور گلائر کے ماتحت

۸. چھوٹی عمر کے بچوں کے لئے

۹. نامساعد حالات کی وجہ سے

۱۰. پیٹر اور بھیڑیا

۱۱. سینٹ پیٹر برگ کنزرویٹری چرتج

۱۲. گیمبلر

۱۳. لَو فار تھری اورنجیس LOVE for Three ORANGES

۱۴. شطرنج

۱۵. نام سے حروف علّت (VOWELS) نکال دیا کرتے تھے

SRG PRKFFF

# ۲۹۔ پونے ڈی لیون

(PONEE DE LEON)

۱۔ مشہور سیاح پونے ڈی لیون کہاں پیدا ہوئے؟

۲۔ انہوں نے کونسا اہم مقام دریافت کیا؟

۳۔ فلوریڈا کی دریافت سے پہلے وہ کس چیز کی تلاش میں نکلے تھے؟

۴۔ ۱۴۶۰ء کو ان کی زندگی میں کیا اہمیت حاصل ہے؟

۵۔ ان کے اس ساتھی کا نام بتائیے جو ان کے ساتھ سفر پہ نکلا تھا؟

۶۔ ۱۵۰۸ء میں انہوں نے کونسا جزیرہ فتح کیا؟

۷۔ ۱۵۱۰ء میں وہ اس جزیرے میں کس عہدے پر فائز ہوئے؟

۸۔ جزیرہ بیمنی کے متعلق ریڈ انڈین نے وہاں کس چیز کی موجودگی کی یقین دہانی کرائی تھی؟

۹۔ ۱۵۱۳ء میں پونے ڈی لیون نے کہاں کے سفر کا آغاز کیا؟

۱۰۔ فلوریڈا کا نام پہلے اسپینی زبان میں کیا تھا؟

۱۱۔ انہوں نے فلوریڈا کی کس جانب لنگر انداز کیا؟

۱۲۔ فلوریڈا سے وہ واپس کس مقام پر گئے؟

۱۳۔ انہوں نے اپنی پہلی مہم کس عمر میں شروع کی؟

۱۴۔ انہیں کس قوم نے زخمی کیا؟

۱۵۔ زخمی حالت میں ان کو کہاں لے جایا گیا؟

# جوابات

۱۔ اسپین
۲۔ فلوریڈا
۳۔ آبِ حیات
۴۔ سنِ پیدائش
۵۔ کولمبس
۶۔ پورٹو ریکو
۷۔ گورنر کے عہدے پر
۸۔ چشمہ آبِ حیات
۹۔ جزیرۂ بیمینی
۱۰۔ پا سکا فلوریڈا
۱۱۔ موجودہ سینٹ اگسٹین کے پاس
۱۲۔ پورٹو ریکو
۱۳۔ ۶۱ سال کی عمر میں
۱۴۔ ریڈ انڈین نے
۱۵۔ کیوبا

# ۳۰۔ پی زارو

(PIZARRO)

۱۔ مشہور سیاح پیزارو کا اصل وطن کونسا ہے؟

۲۔ وہ کس بادشاہ کے عہد میں پیدا ہوئے تھے؟

۳۔ سنہ ۱۵۱۰ء تا سنہ ۱۵۲۲ء کا عرصہ انہوں نے کہاں گزارا؟

۴۔ سنہ ۱۵۳۱ء میں انہوں نے کس ملک سے دنیا کے سفر کا آغاز کیا؟

۵۔ انہوں نے سفر میں اپنے ساتھ کتنے جہاز رکھے؟

۶۔ اس سفر میں انکے ساتھ کتنے دوسرے مہم جو افراد تھے؟

۷۔ اپنے دریافت شدہ شہروں میں انہوں نے کسے اپنا دارالحکومت بنایا؟

۸۔ پیرو میں پیزارو کا کونسا بڑا دشمن تھا؟

۹۔ جب وہ پیرو میں اترے تو وہاں کی صورتحال کیا تھی؟

۱۰۔ پیزارو کی امداد کے لئے کہاں سے لوگ بلوائے گئے؟

۱۱۔ کیا انہوں نے شادی کی؟

۱۲۔ پیزارو اور ان کے رفقاء دوسرے سفر میں کہاں لنگر انداز ہوئے؟

۱۳۔ وہ پیرو سے ملنے والی دولت کو کہاں لے گئے؟

۱۴۔ انہوں نے پیرو میں خانہ جنگی کرنے والے رہنماؤں سے کیا تاوان وصول کیا؟

۱۵۔ چارلس پنجم نے انہیں کس مقام کو فتح کرنے کے لئے بھیجا تھا؟

# جوابات

١۔ اسپین
٢۔ چارلس پنجم
٣۔ اپنی دریافت لاطینی امریکہ (پیرو)
٤۔ لاطینی امریکہ کے ملک پنامہ سے
٥۔ تین
٦۔ ١٨٥ افراد
٧۔ "لیما" کو
٨۔ آل میگرو
٩۔ خانہ جنگی ہو رہی تھی
١٠۔ یورپ سے
١١۔ غیر شادی شدہ
١٢۔ گالو (جزیرے کا نام ہے)
١٣۔ اپنے وطن اسپین
١٤۔ ٨ کروڑ ڈالر
١٥۔ گورن

# ۳۱۔ پال سیزانے

(PAUL CEZANNE)

( ۱۸۳۹ء - ۱۹۰۶ء )

۱۔ مشہور عالم مصوّر پال سیزانے کا مقامِ پیدائش کیا تھا؟

۲۔ ان کے باپ کا پیشہ کیا تھا؟

۳۔ ۱۸۴۷ء میں ان کے باپ کے پیشے میں کونسی اہم ترین تبدیلی آئی؟

۴۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم کس کالج اور انسٹیٹیوٹ سے حاصل کی؟

۵۔ صنعتی اسکالر کی حیثیت سے انہوں نے کن مضامین میں انعام حاصل کئے؟

۶۔ ان کے باپ کا نام کیا تھا۔ جن سے سیزانے اکثر خوف زدہ رہتا تھا؟

۷۔ ان کے دو قریب ترین دوست کون تھے؟

۸۔ سیزانے نے پیرس کے کس ڈرائنگ اسکول میں تعلیم حاصل کی؟

۹۔ انکے دور میں پیرس کو کیا اہمیت حاصل تھی؟

۱۰۔ سیزانے کی پینٹنگ آرٹ میں کس شخص نے بہت زیادہ مدد کی؟

۱۱۔ انکی بیوی کا نام کیا تھا؟

۱۲۔ انہوں نے کب ایک غیر قانونی یونین بنائی؟

۱۳۔ انکی تصاویر کی پہلی نمائش کس کی سرپرستی میں ہوئی؟

۱۴۔ برسلز میں انکی تصاویر کی نمائش کتنی مرتبہ ہوئی تھی؟

۱۵۔ ۱۸۸۶ء کی انکی زندگی میں کیا اہمیت ہے؟

۱۵(ا) کس ادارے نے سیزانے کی بہترین تصویر خریدی تھی؟

۱۵(ب) ان کے بچپن کے قریب ترین دوست کا نام کیا تھا؟

۱۵(ج) ان کے ایک مشہور ہم عصر مصور وان گوگ نے ان کے متعلق کیا کہا؟

۱۵(د) دنیا کے اس مشہور مصور کو کس اسکول نے مصوری سیکھنے کی اجازت دینے سے انکار کیا تھا؟

## جوابات

۱۔ الکیس این پروس

۲۔ ہیٹ مینو فیکچرر

۳۔ بینکاری کا پیشہ اپنایا

۴۔ سینٹ جوزف کالج برلن

۵۔ یونانی زبان، لاطینی، تاریخ حساب

۶۔ لوئیس آگسٹے

۷۔ ایمائل زولا، بیپٹسٹ بیلی

۸۔ اکیڈمی سوسی

۹۔ آرٹ کا مرکز

۱۰۔ کیمیل پسارو

۱۱۔ ہارٹینس فیکٹ

۱۲۔ ۱۸۶۰ء میں

۱۳۔ پسارو کی سرپرستی میں

۱۴۔ ۲ مرتبہ

۱۵۔ ان کی تصویروں کی پہلی نمائش ہوئی

۱۵ (ا) نیشنل گیلری آف برلن

۱۵ (ب) ایمائل زولا

۱۵ (ج) وہ پاگل شخص ہے

۱۵ (د) اسکول آف فائن آرٹ (پیرس)

# ۳۲۔ پیٹر پال روبنس

(PETER PAUL RUBENS)

(۱۵۷۷ء ۔ ۱۶۴۰ء)

۱۔ مشہور مصور پیٹر پال کا مقامِ پیدائش کونسا تھا؟

۲۔ انکی بیوی کا نام کیا تھا؟

۳۔ انکی فن زندگی کے آٹھ بہترین سال کس شہر میں گزرے؟

۴۔ انہوں نے بحیثیت مصور کس بادشاہ کے ہاں ملازمت کی؟

۵۔ انہیں مصوری کے علاوہ کس شعبے میں دلچسپی تھی؟

۶۔ ۱۶۲۷ء میں انہوں نے کہاں فرائض انجام دیئے؟

۷۔ میڈرڈ میں انکی کس شخصیت سے ملاقات ہوئی؟

۸۔ ۱۶۰۸ء میں ان کے ساتھ کیا بڑا سانحہ پیش آیا؟

۹۔ کیمبرج یونیورسٹی انگلینڈ سے انہوں نے کونسی ڈگری حاصل کی؟

۱۰۔ انہوں نے شادی کس عمر میں کی؟

۱۱۔ انکی تین کونسی شاہکار پینٹنگ ہیں؟

۱۲۔ انکی دوسری بیوی کا نام کیا تھا؟

۱۳۔ ۱۶۰۰ء میں انہوں نے کس ملک کا دورہ کیا؟

۱۴۔ سفیر کی حیثیت سے انہوں نے کن شہروں میں اپنے فرائض سرانجام دیئے؟

۱۵۔ انہوں نے کن دو ممالک کے حکمرانوں کی سفارتی نمائندگی کی تھی؟

# جوابات

۱۔ سائیگن مغربی جرمنی

۲۔ ازابیلا

۳۔ روم

۴۔ آرک ڈیوپ

